Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 12 — ہفتہ، 2 اپریل 2022ء، 28 شعبان المعظم 1443ھ، 20 چیت 2079ب، قیمت 20 روپے — شمارہ 335

عثمان بزدار جاتے جاتے 47 میگا پراجیکٹس کو حتمی شکل دے گئے

پنجاب میں اربوں روپے کے منصوبوں کا فائدہ عوام کو پہنچے گا، سڑکوں، اریگیشن، بہاولپور سیکرٹریٹ، فلائی اوور، انڈر پاس، ہسپتالوں اور یونیورسٹیوں کے نئے پراجیکٹس شروع کئے ہیں

یونیورسٹی آف تونسہ ڈی جی خان کی تعمیر پر 2 ارب روپے لاگت آئے گی، راولپنڈی میں وقارالنساء ویمن یونیورسٹی، انڈس یونیورسٹی راجن پور اور ایمرسن یونیورسٹی ملتان کے منصوبے منظور ہو چکے ہیں

لاہور (ہادی حسین سے) وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار جاتے جاتے صوبے میں 360 ارب روپے کی لاگت سے 47 میگا پراجیکٹس کو حتمی شکل دے گئے۔ وزیراعلیٰ پنجاب سے صوبائی وزرا اور اراکین اسمبلی نے ملاقات کی۔ عثمان بزدار نے پنجاب میں فلاح عامہ کے اربوں روپے کے منصوبوں کے بارے میں آگاہ کیا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے پارلیمنٹیرینز کو صوبے میں 360 ارب (بقیہ نمبر 33)


بہار آئی
SHAKIR ALI
...ce by National Performing Art...
...mran Shoukat Ali & Shak...

شاکر علی میوزیم میں جشن بہاراں کی آمد پر ''بہار آئی'' تقریب میں عمران شوکت پرفارم کر رہے ہیں

ایک بڑا طاقتور ملک دورہ روس پر غصہ ہو گیا، عمران خان

کیا حکومت کو ہٹانے کیلئے کوئی ملک اس طرح دھمکی دے سکتا ہے

اسلام آباد (حمزہ لطیف) وزیراعظم نے کہا ہے کہ ایک بڑا طاقتور ملک دورہ روس پر غصہ ہو گیا، کیا حکومت کو ہٹانے کیلئے کوئی ملک اس طرح دھمکی دے سکتا ہے، اچکنیں سلوانے والے کہتے ہیں امریکا کو ناراض نہیں کرنا چاہیے، ان لوگوں کی وجہ سے ملک اس حال کو پہنچا۔ وزیراعظم عمران خان نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لوگ کہتے ہیں شاید ووٹ کیلئے ریاست مدینہ کی بات کرتا ہوں، ریاست مدینہ کی کامیابی تاریخ کا (بقیہ نمبر 4)

ہمارے دور میں روزگار میں 62 فیصد اضافہ ہوا، اسد عمر

ہماری پالیسیز 5 سال چلتی رہیں تو یقین ہے 1 کروڑ نوکریوں کے قریب پہنچ جائیں گے

اسلام آباد (سی این پی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی اسد عمر کا کہنا ہے کہ ہمارے دور میں مجموعی طور پر روزگار میں اضافے کی شرح 62 فیصد بہتر ہوئی، ہماری پالیسیز 5 سال چلتی رہیں تو یقین ہے 1 کروڑ (بقیہ نمبر 1)

ریونیو 29 فیصد اضافے سے 4.4 کھرب روپے تک پہنچ گیا

مجموعی وصولی گزشتہ سال کے 196 ارب روپے کے مقابلے میں 14.8 فیصد بڑھ کر 225 ارب روپے ہو گئی

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے مرتب کردہ عارضی اعدادوشمار کے مطابق ایف بی آر نے رواں مالی سال کے پہلے 9 مہینوں میں 4.382 کھرب روپے اکٹھا کیے جو 4.134 (بقیہ نمبر 2)

وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کا استعفیٰ منظور

استعفیٰ منظور ہونے کے بعد کابینہ تحلیل ہو گئی، 2 اپریل کو پنجاب اسمبلی کا اجلاس طلب

لاہور (اے ایف پی) گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کا استعفیٰ منظور کر لیا گیا، وزیراعلیٰ پنجاب کا استعفیٰ منظور ہونے کے بعد کابینہ تحلیل ہو گئی ہے۔ گورنر پنجاب نے وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 3)

اندرونی معاملات میں مداخلت پر شدید احتجاج سفارتی ذریعے سے مراسلہ دے دیا گیا

امریکی سفارتکار کی طلبی

دھمکی آمیز پیغام

کمیونیکیشن پاکستان کے اندرونی معاملات میں کھلی مداخلت کے مترادف ہے جو ناقابل قبول ہے، پاکستان سفارتی اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے متعلقہ ملک کو مضبوط سفارتی ردعمل جاری کرے گا

پاکستانی حکومت کو امریکی دھمکی کے معاملے پر وزارت خارجہ حکام نے امریکی سفارتکار کو احتجاجی مراسلہ تھمایا، امریکی حکومت سے پاکستانی داخلی معاملات میں عالمی قوانین اور سفارتی آداب کے منافی مداخلت پر شدید احتجاج کیا گیا

اسلام آباد (حاجی ندیم) حکومت پاکستان نے سینئر امریکی سفارتکار کو وزارت خارجہ طلب کر کے اندرونی معاملات میں مداخلت پر شدید احتجاج کیا ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق پاکستانی حکومت کو امریکی دھمکی کے معاملے پر وزارت خارجہ حکام نے امریکی سفارتکار کو احتجاجی مراسلہ تھمایا، احتجاجی مراسلے میں امریکی حکومت سے پاکستانی داخلی معاملات میں عالمی قوانین اور سفارتی آداب کے منافی مداخلت پر شدید احتجاج کیا (بقیہ نمبر 15)

راولپنڈی، پولیس لائن کے باہر شہداء پولیس کی تصویروں کو خوبصورتی سے سجایا جا رہا ہے

سی پیک کے پہلے مرحلے میں 5 ہزار میگاواٹ بجلی کے منصوبے

معیشت کے لیے مستحکم، بلاتعطل اور سستی بجلی کی ضرورت ہے، خالد منصور

اسلام آباد (سی این پی) پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) کے چیئرمین خالد منصور کا کہنا ہے کہ انرجی سیکورٹی کسی بھی ملک کی معیشت کے لیے اہم ہے، سی پیک کے پہلے مرحلے میں 5 ہزار میگاواٹ کے منصوبے لگائے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) کے چیئرمین خالد منصور نے پاکستان انرجی سمپوزیم (بقیہ نمبر 5)

وزیراعظم کی بعض قریبی رہنماؤں کو اسلام آباد نہ چھوڑنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے بعض قریبی رہنماؤں کو اسلام آباد نہ چھوڑنے کی ہدایت کردی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت اہم مشاورتی اجلاس ہوا (بقیہ نمبر 32)

پاکستان بھر میں بلوچ طلبہ کو ہراساں نہ کرنے کا حکم

پاکستان بھر میں بلوچ طلبہ کو ہراساں نا کیا جائے اور یونیورسٹی چانسلر بھی یقینی بنائیں، وفاقی حکومت کو ہدایات جاری

چیف جسٹس اطہرمن اللہ نے کیس پر سماعت کی اور لاپتہ حفیظ بلوچ کی بازیابی درخواست میں وکیل ایمان مزاری عدالت میں پیش ہوئیں

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر) اسلام آباد ہائی کورٹ نے چانسلر قائداعظم یونیورسٹی کو حکم دیا ہے کہ وہ یقینی بنائیں کہ پاکستان بھر میں بلوچ طلبہ کو کوئی ہراساں نا کرے۔ چیف جسٹس اطہر من اللہ نے کیس پر سماعت کی اور لاپتہ حفیظ بلوچ کی بازیابی درخواست میں وکیل ایمان مزاری عدالت میں پیش ہوئیں۔ عدالت نے حکم دیا کہ چانسلر یونیورسٹی صدر عارف علوی سے توقع ہے کسی بلوچ اسٹوڈنٹ (بقیہ نمبر 23)

پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف حمزہ شہباز پارٹی سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

عمران خان کو سازش کا علم تھا تو پہلے واویلا کرنا چاہیے تھا، شہباز شریف

عمران خان دھمکی آمیز خط ملنے پر تین ہفتے خاموش کیوں رہے اور فوری شور کیوں نہیں کیا؟ خدا کا خوف کریں آپ کسے بے وقوف بنا رہے ہیں

قومی سلامتی کمیٹی کے اعلامیے میں سازش کا ایک لفظ نہیں، گالی گلوچ اور دشنام طرازی کا کلچر عمران نیازی نے متعارف کرایا افسوسناک ہے

اسلام آباد (رانا فہد نذیر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان کو غیرملکی مبینہ سازش کا علم آج ہوا، اگر یہ بات تھی تو آپ کو بہت پہلے واویلا کرنا چاہیے تھا، عمران خان دھمکی آمیز خط ملنے پر تین ہفتے خاموش کیوں رہے اور فوری شور کیوں نہیں کیا؟ خدا کا خوف کریں آپ کسے بے وقوف بنا رہے ہیں، قومی سلامتی کمیٹی (بقیہ نمبر 6)

ایم کیو ایم اب کراچی میں کبھی نہیں جیت سکے گی، فیصل جاوید

عمران خان ملکی خودمختاری اور خودداری پر سمجھوتہ نہیں کریں گے، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر فیصل جاوید نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم پاکستان اب کراچی میں کبھی نہیں جیت سکے گی۔ انہوں نے نجی (بقیہ نمبر 24)

بحریہ یونیورسٹی H-11 کیمپس کی افتتاحی تقریب کا انعقاد

چیف آف دی نیول سٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نشان امتیاز (ملٹری) ستارہ بسالت تقریب کے مہمان خصوصی تھے

ریکٹر بحریہ یونیورسٹی نے نئے کیمپس کیلئے فنڈز کی دستیابی پر حکومت پاکستان اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) بحریہ یونیورسٹی کے سٹیٹ آف دی آرٹ H-11 کیمپس کی افتتاحی تقریب اسلام آباد میں منعقد ہوئی۔ چیف آف دی نیول سٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نشان امتیاز (ملٹری) ستارہ بسالت تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ وائس ایڈمرل (ریٹائرڈ) کلیم شوکت ہلال امتیاز (ملٹری) ریکٹر بحریہ یونیورسٹی، انجینئر وحید احمد منگی ڈائریکٹر جنرل پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ہائر ایجوکیشن کمیشن، ریئر ایڈمرل طارق محمود ستارہ امتیاز (ملٹری) ڈی جی میری ٹائم ٹیکنالوجی کمپلیکس، انجینئر ناصر (بقیہ نمبر 16)

چیف آف دی نیول سٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی کا تقریب کے دوران گروپ فوٹو

پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 26 بھکاری گرفتار

راولپنڈی (اے ایف پی) راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 26 بھکاری گرفتار، پیشہ ور بھکاری نا صرف مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں پر کھڑے ہو کر ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی باعث بنتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض کے احکامات پر انچارج بیگرز سکواڈز نے اپنی اپنی ٹیموں کے ہمراہ پیشہ (بقیہ نمبر 8)

پاکستان میں آئینی عمل کی حمایت اور احترام کرتے ہیں

پاکستان میں قانون کی حکمرانی کا احترام کرتے ہیں، ترجمان امریکی محکمہ خارجہ

واشنگٹن (اے ایف پی): امریکا نے کہا ہے کہ پاکستان کے آئینی عمل کا احترام کرتے ہیں دھمکی آمیز خط کے الزامات میں صداقت نہیں۔ امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان (بقیہ نمبر 7)

خیبر پختونخوا میں سرکاری وسائل جھونکے گئے، شاہد خاقان

خیبر پختونخوا بلدیاتی انتخابات میں سرکاری وسائل جھونکے گئے اس لئے حکومت وہاں جیتی

اسلام آباد (اے ایف پی): پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما شاہد خاقان عباسی کا کہنا ہے کہ خیبر پختونخوا بلدیاتی انتخابات میں وزیراعظم، وزیراعلیٰ اور وفاقی وزرا نے انتخابی مہم چلائی۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں پاکستان مسلم لیگ (ن) (بقیہ نمبر 9)

الیکشن کمیشن نے بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات کا اعلان کر دیا

کوئٹہ (سی این پی) الیکشن کمیشن نے بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات کا اعلان کر دیا، کوئٹہ اور ضلع لسبیلہ کے علاوہ صوبے بھر کے دیگر اضلاع میں 29 مئی کو شیڈول کے مطابق بلدیاتی انتخابات ہوں گے۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور لسبیلہ کے علاوہ بلوچستان کے تمام اضلاع میں بلدیاتی انتخابات 29 مئی (بقیہ نمبر 17)

راولپنڈی، پولیس لائن کے باہر شہداء پولیس کی یاد میں یادگار بنائی جا رہی ہے

لوگوں کا مسنگ ہو جانا ریاست کی نااہلی ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ

جبری گمشدگی بغاوت ہے، اس پر بغاوت کا مقدمہ بنتا ہے، جسٹس اطہرمن اللہ

اسلام آباد (سی این پی) اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس اطہرمن اللہ نے مدثر نارو بازیابی کیس میں ریمارکس دیے کہ جبری گمشدگی بغاوت ہے اور اس پر بغاوت کا مقدمہ بنتا ہے۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کی سربراہی (بقیہ نمبر 25)

سالانہ محفل شبینہ کیلئے 14 حفاظ کرام کا انتخاب مکمل

منتخب حفاظ کرام رمضان المبارک کی آخری 3 طاق راتوں کو تاریخی بادشاہی مسجد لاہور میں مکمل قرآن پاک سنائیں گے

سیکرٹری مذہبی امور سردار اعجاز خان جعفر نے مقابلے میں حصہ لینے والے حفاظ کرام میں اسناد تقسیم کیں

اسلام آباد (روبینہ فیصل) وزارت مذہبی امور نے سالانہ محفل شبینہ کیلئے 14 حفاظ کرام کا انتخاب مکمل کر لیا۔ پاکستان بھر سے منتخب حفاظ کرام رمضان المبارک کی آخری 3 طاق راتوں کو تاریخی بادشاہی مسجد لاہور میں مکمل قرآن کریم سنائیں گے۔ سیکرٹری مذہبی امور سردار اعجاز خان جعفر نے مقابلے میں حصہ لینے والے حفاظ کرام میں اسناد تقسیم کیں۔ تفصیلات کے مطابق مذہبی امور کے شعبہ دعوۃ و (بقیہ نمبر 10)

راولپنڈی، رمضان المبارک میں بڑھتی مانگ کے باعث ایک دکاندار ٹوپیاں فروخت کیلئے سجا رکھی ہیں

کے پی کے عوام نے بیرونی آقاؤں کے حضور بکنے والے غداروں کو مسترد کر دیا، عمران خان

اسلام آباد (اے ایف پی): وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے بیرونی آقاؤں کے حضور بکنے والے غداروں کو شدت سے مسترد (بقیہ نمبر 11)

پاکستان نے امریکا میں منعقدہ مکالمے میں شرکت سے انکار

پاکستان سے تین منٹ پر محیط ''ریکارڈ ڈ بیان'' دینے کا کہا گیا، شاہ محمود قریشی

اسلام آباد (سی این پی) پاکستان نے امریکا میں جمہوریت سے متعلق مکالمے میں شرکت سے انکار کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود (بقیہ نمبر 18)

چور اور ضمیر فروش عمران خان کیخلاف اکٹھے ہو گئے ہیں، شیخ رشید

راولپنڈی کی غریب پڑھی لکھی 264 بچیوں کو میرٹ پر ملازمتیں دی جائیں گی، راولپنڈی میں خواتین کی چار یونیورسٹیز ہوں گی

پاکستان کی سیاست میں آنے والا دن بہت اہم ہے، دنیا میں پاکستان جغرافیائی اعتبار سے اہم خطہ میں واقع ہے

راولپنڈی (اے ایف پی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ ملک کو لوٹنے والے چور ڈاکو اور ضمیر فروش اقتدار کے لیے وزیراعظم عمران خان کے خلاف اکٹھے ہو گئے ہیں، بجلی، گیس اور پٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے باوجود لوگ عمران خان کو پسند کرتے ہیں، سیاست سے ریٹائر ہونے والا تھا مگر موجودہ صورتحال میں عمران خان کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑا رہوں گا، (بقیہ نمبر 26)

سنگین مقدمات میں ملوث مجرمان کو سزائیں ملنا قانون کی جیت ہے

اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مجرم کو جرم ثابت ہونے پر سزائے موت کی سزا سنا دی

راولپنڈی (اے ایف پی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ، معزز عدالت نے قتل، اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مجرم کو جرم ثابت ہونے پر سزائے (بقیہ نمبر 19)

چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کے خلاف یوسف رضا گیلانی کی اپیل مسترد

اسلام آباد (اے ایف پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے یوسف رضا گیلانی کی اپیل مسترد کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کے انتخاب کو درست قرار دے دیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس عامر (بقیہ نمبر 12)

مارچ میں عسکریت پسندوں کے حملوں میں دوگنا اضافہ

عسکریت پسندوں نے 26 حملے کئے جن میں 115 افراد جاں بحق، 288 زخمی ہوئے

اسلام آباد (اے ایف پی) (فروری میں دہشت گردی میں کمی کے بعد مارچ میں جنگجو حملوں میں بھی دوگنا اضافہ ہوا، دہشت گردی کے رجحانات پر نظر (بقیہ نمبر 13)

قصور، ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل ریونیو عوامی خدمت سروسز میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

کبھی کسی حکومت نے سفارت کاری پر اتنی بڑی سیاست نہیں کھیلی، حنا ربانی

اسلام آباد (سی این پی) سابق وزیر خارجہ حنا ربانی کھر نے کہا ہے کہ کبھی کسی اور حکومت نے سفارت کاری کے معاملے پر اتنی بڑی سیاست نہیں کھیلی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 28)

عوام کے مسائل اب یونین کونسل سطح پر باآسانی حل ہوں گے

تحریک انصاف حکومت نے خیبر پختونخوا میں اقتدار کی نچلی سطح پر منتقلی کا وعدہ پورا کر دیا، شاہ فرمان

پشاور (اے ایف پی) گورنر خیبر پختونخوا شاہ فرمان نے کہا کہ صوبہ بھر میں بلدیاتی انتخابات مکمل ہونے پر صوبائی حکومت اور عوام کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، تحریک انصاف حکومت نے خیبر پختونخوا میں اقتدار کی نچلی سطح پر منتقلی کا وعدہ پورا کر دیا۔ اپنے بیان میں ان کا کہنا ہے کہ قبائلی اضلاع میں پہلی بار بلدیاتی انتخابات کرائے گئے ہیں، قبائلی عوام نے (بقیہ نمبر 27)

عرس تقریبات، پاکستانی زائرین سے درخواستیں طلب

حضرت خواجہ نظام الدین اولیاؒ اور حافظ عبداللہ شاہؒ کے سالانہ عرسوں میں شرکت کے خواہشمند 15 اپریل تک درخواستیں جمع کروائیں

زائرین کی عرس پر روانگی دونوں ملکوں میں کورونا وبا کی جاری صورتحال سے مشروط ہوگی، وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی

اسلام آباد (روبینہ فیصل) وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی نے بھارت میں حضرت خواجہ نظام الدین اولیاؒ اور حافظ عبداللہ شاہؒ کے سالانہ عرسوں میں شرکت کے خواہشمند پاکستانی زائرین سے 15 اپریل، 2022 تک زیارت فارم کے ذریعے درخواستیں طلب کر لی ہیں۔ مذہبی امور سے جاری بیان کے مطابق بھارت کے شہر آگرہ میں حافظ عبداللہ شاہؒ عرس کی تقریبات 27 اکتوبر تا 03 نومبر 2022 تک جاری رہیں گی جبکہ دہلی، انڈیا میں خواجہ نظام الدین اولیاؒ کے عرس کی تقریبات 07 تا 14 نومبر 2022 تک جاری رہیں گی۔ مذکورہ زیارتوں (بقیہ نمبر 14)

شادمان رمضان بازار سے بچے آٹا خرید کر لے جا رہے ہیں

ایف سی پر حملے میں ملوث کالعدم ٹی ٹی پی کا کارندہ کراچی سے گرفتار

کراچی (اے ایف پی) کراچی میں ملیر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایف سی پر حملے میں ملوث کالعدم ٹی ٹی پی کا کارندہ گرفتار کر لیا۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم نے ساتھیوں کے ہمراہ ایف سی پر حملہ کیا تھا جس میں دس اہلکار شہید ہو گئے (بقیہ نمبر 21)

پریس کانفرنس کے دوران شہباز شریف کو نواز شریف کا فون آ گیا

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے صدر اور شہباز شریف کی پریس کانفرنس کے دوران پارٹی کے قائد نواز شریف کا فون آ گیا۔ مریم اورنگزیب نے پریس کانفرنس کے دوران شہباز شریف کی نواز شریف سے بات کروائی۔ شہباز شریف (بقیہ نمبر 20)

فیصل واوڈا کی تاحیات نااہلی کیخلاف درخواست سماعت کیلئے مقرر

چیف جسٹس آف پاکستان کی سربراہی میں تین رکنی بنچ 7 اپریل کو سماعت کرے گا

اسلام آباد (اے ایف پی) سپریم کورٹ میں پی ٹی آئی رہنما فیصل واوڈا کی تاحیات نااہلی کے خلاف درخواست سماعت کے لیے مقرر کر دی گئی۔ چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں تین رکنی بنچ 7 اپریل کو درخواست کی سماعت (بقیہ نمبر 22)

ایجنسیوں نے وزیراعظم پر قاتلانہ حملے کے منصوبے سے متعلق رپورٹ کیا ہے، فواد چوہدری

اسلام آباد (سی این پی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات فواد چوہدری کا کہنا ہے کہ سکیورٹی ایجنسیوں نے رپورٹ کیا ہے کہ وزیراعظم عمران خان پر (بقیہ نمبر 29)

سنجرانی ہی چیئرمین سینیٹ رہیں گے، گیلانی کی انٹرا کورٹ اپیل

اسلام آباد (سی این پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے چیئرمین سینیٹ کا الیکشن کالعدم قرار دینے کی یوسف رضا گیلانی کی انٹرا کورٹ اپیل مسترد کر دی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس عامر فاروق کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے انٹرا کورٹ اپیل پر فیصلہ سنایا۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ یوسف رضا گیلانی کے پاس پارلیمنٹ میں متبادل فورم موجود ہے، وہ چیئرمین سینیٹ کو ہٹانے کی (بقیہ نمبر 31)

3 اپریل کو فول پروف سکیورٹی دینے کیلئے سیکرٹری داخلہ کو خط

انتظامیہ اور پولیس آئین کے مطابق فرائض سرانجام دیں، شہباز شریف کا خط

اسلام آباد (مدثر الیاس کیانی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے 3 اپریل کو فول پروف سکیورٹی دینے کا مطالبہ کر دیا۔ اپوزیشن لیڈر شہباز شریف نے سیکرٹری داخلہ کو لکھے گئے خط میں تحریک عدم اعتماد کے روز فول پروف سکیورٹی فراہم کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ شہباز شریف کا خط میں کہا (بقیہ نمبر 30)

لاہور، الحمراء میں لڑکی نمائش دیکھ رہی ہے

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ٹانک ملٹری کمپاؤنڈ میں دہشت گردوں کا حملہ

خیبر پی کے کے ضلع ٹانک میں ملٹری کمپاؤنڈ پر دہشت گردوں کے حملے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 6 جوان شہید اور جوابی کارروائی میں 3 دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ دوسری جانب جنوبی وزیرستان کے ضلع مکین میں سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں پاک فوج کے کیپٹن سمیت 2 جوان شہید ہو گئے۔ رواں ماہ میں ہونیوالی دہشت گردی کی یہ چوتھی بڑی واردات ہے جس میں دہشت گرد اپنے اہداف تک پہنچنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ 5 مارچ کو پشاور میں نماز جمعہ کے دوران خودکش دھماکے میں 72 نمازی شہید اور 194 زخمی ہوئے۔ 9 مارچ کو بلوچستان کے علاقے سبی میں ایک خودکش دھماکہ ہوا جس میں 5 سکیورٹی اہلکار شہید اور متعدد زخمی ہوئے تھے۔ دو ہفتے قبل سبی میں ہی ایک بم دھماکے میں 4 ایف سی اہلکار شہید اور 6 زخمی ہوئے۔ گزشتہ روز خیبر پی کے کے ضلع ٹانک میں ملٹری کمپاؤنڈ پر دہشت گردوں کے حملے کی میں 6 جوان شہید جبکہ 3 دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ اسی طرح جنوبی وزیرستان کے ضلع مکین میں سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں پاک فوج کے کیپٹن سمیت 2 جوان شہید ہو گئے۔ دہشت گردی کی وارداتوں کا تسلسل اس بات کا ثبوت ہے کہ دہشت گردوں کی باقیات اور انکے سہولت کار اب بھی شمالی علاقہ جات میں موجود ہیں جو موقع پا کر واردات کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ ان وارداتوں کا مقصد ملکی سلامتی اور امن کو نقصان پہنچانا ہے جس کے پیچھے بیرونی ہاتھ بالخصوص بھارتی سازش کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا جو ہماری سلامتی کے ہر وقت درپے رہتا ہے۔ بے شک پاک فوج کے جوان نیشنل ایکشن پلان کے تحت دہشت گردوں کا صفایا کرنے میں مصروف ہیں اور مقابلے کے دوران اپنی جانوں کے نذرانے بھی پیش کر رہے ہیں جبکہ آرمی چیف بھی دہشت گردی کی لعنت کا مکمل طور پر خاتمہ کرنے کیلئے پرعزم ہیں لیکن جب تک سکیورٹی میں موجود کمزوریوں کو دور نہیں کیا جاتا' دہشت گرد اپنے اہداف پورے کرنے میں کامیاب ہوتے رہیں گے۔ اس لئے ضروری ہے کہ اپنے سکیورٹی معاملات کا ازسرنو جائزہ لیا جائے اور اس میں موجود کمزوریوں کو دور کیا جائے تاکہ دہشت گردوں کو کسی نئی واردات کا موقع نہ مل سکے۔

ملکی سالمیت اور سیاسی انا!

(شیخ خالد زاہد)

انسان اپنے بنائے ہوئے حصار میں اپنے آپ کو قید کرنا شروع کرتا ہے، جس کا سبب آس پاس کے حالات بتائے جاتے ہیں، جو انسان کو اس حصار میں دھکیلتے چلے جاتے ہیں، انسان اپنی کمزوری ایمان کی وجہ سے حالات و رونما ہونے والے واقعات کے سامنے آہستہ آہستہ ہتھیار ڈالتا جاتا ہے اور اسکی کوشش جو ابھی شروع ہی نہیں ہوتی دم توڑ دیتی ہے، پھر وہ خود کو حالات کے دوش پر سوار کر لیتا ہے اور اس وقت پر پہنچ جاتا ہے جب اسے یہ بھی یاد نہیں رہتا کے وہ کیا تھا اور کہاں پہنچ چکا ہے۔ کسی بھی انسان کیلئے بدلاؤ آسان نہیں ہوتا اور اس انسان کیلئے تو بلکل بھی نہیں جو اپنے روایتی طرز کی زندگی کو استوار کیے خرامہ خرامہ چلے جا رہا ہو۔ ایسے میں کوئی اگر بدلاؤ کی بات بھی کرتا ہے تو وہ نا قابل برداشت ہوتی ہے۔

پاکستان میں سیاسی جماعتیں بغیر کسی نظریئے کے سیاست کرتی ہیں اور اگر کوئی نظریہ کارفرما ہے تو وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے۔ پاکستان تقریباً پچاس سال قبل ایک ترقی پذیر ملک تھا جس کے شواہد تاریخ سے ملتے ہیں، ہم ایٹم بم بنا کر دنیا کی آٹھویں ایٹمی طاقت رکھنے والی ریاست بن گئے (الحمدوللہ) لیکن ہم آج تک ترقی یافتہ ملکوں کی فہرست میں داخل نہیں ہو سکے ہیں۔ پاکستان کو ہمیشہ سے ہی مقروض رکھنے کی باقاعدہ کوششیں کی جاتی رہی ہیں جسکا فائدہ سیاست دان اٹھاتے رہے۔ ایک وقت وہ بھی آیا جب ملک کا اقتدار دو خاندانوں کے درمیان واریاں بن کر رہے گیا تقریباً ان خاندانوں کی یہ بندر بانٹ تین عشروں پر محیط ہے۔ ذراعت پر انحصار کرنے والے ملک بہت کم معاشی طور پر کمزور ہوتے ہیں لیکن پاکستان جو بنیادی طور پر ذراعی ملک ہے اور اللہ کی نعمتوں سے مالا مال ہے پھر کیوں ساری دنیا کے سامنے رسواء ہوتا رہا ہے۔ کہیں آپ کی بات کو کوئی اہمیت نہیں دی گئی الٹا منا کیا جاتا کہ یہ نا بولو اور یہ بولو آسان لفظوں میں ہم ڈکٹیشن (املا) لیتے رہے اور کہتے اور کرتے رہے لیکن ذاتی اثاثے بڑھتے رہے ذاتی کاروبار بھی ترقی کرتے رہے ملک جو ترقی پذیر ہوا کرتا تھا پستیوں میں دھکیلنے میں عالمی سازش کو عملی جامعہ پہنانے میں کامیاب ہوتے رہے۔ بدقسمتی سے نجی مفادات کی خاطر کبھی بھی یہ بین الاقوامی سازشیں ظاہر نہیں کی جاتی تھیں۔

پاکستان وہ ملک ہے کہ جس نے دوسرے ملکوں کی جنگیں نا صرف اپنے بازوؤں سے لڑیں بلکہ انگنت بازو کٹوائے بھی ہیں۔

ہمارے ملک پاکستان کی مختصر سی تاریخ میں سیاسی تاریخ اور بھی مختصر ہے لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ اس سیاسی مختصر تاریخ میں شاذ و نادر کارہائے نمایاں دیکھائی دیتے ہیں۔ اگر کوئی کارنامہ انجام پایا بھی ہوتا ہے تو تبدیلی حکومت کے بعد اس کارنامے کی ایسی دھجیاں اڑائی جاتی ہیں کہ ملک تو ملک ساری دنیا میں جگ ہنسائی کا سبب بن کر رہ جاتا ہے جس کی سب سے بڑی وجہ اس کارنامے کو عملی جامہ پہنانے میں بدعنوانیوں کی فہرست کا عام ہونا ہوتا رہا ہے۔ کہنے والوں نے ان بدعنوانیوں کے بارے میں کیا خوب کہا ہے کہ اگر کھاتا ہے تو لگاتا بھی تو ہے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کا کہنا تھا کہ میری اجرت اتنی ہونی چاہئے جتنی کے ایک مزدور کی ہوتی ہے، اگر میرا گھر نہیں چلے گا تو مزدور کی اجرت بڑھادی جائے گی۔ تاریخ میں ایسے بادشاہ بھی گزرے ہیں کہ جن کا نجی باورچی خانہ انکی محنت سے حاصل ہونے والی اجرت سے چلتے تھے یعنی شاہی خزانے پر بوجھ نہیں تھے۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ جن کے مفادات ملک کی بقاء و سالمیت سے جڑے ہوئے ہوتے تھے یہ لوگ ریاست کی بقاء کو اپنی بقاء سمجھتے تھے انکے نزدیک شخصیت سے کہیں زیادہ اہم وہ نظریہ تھا کہ جس کی بقاء میں سب کی بقاء تھی۔

ایک بار پھر سیاسی بازیگروں نے پاکستانی سیاست کی حرمت والی جگہ کو ضمیر فروشی کا بازار بنالیا ہے جہاں وفاداریوں کے مول لگ رہے ہیں، ملکی مفادات کو ذاتی مفادات کی بھینٹ چڑھایا جا رہا ہے۔ افسوس اس بات کا شدت سے ہے کہ ہمیشہ سے پاکستان کی داخلی صورتحال کا فائدہ اٹھانے والے پھر گدھوں کی طرح منڈلاتے پھر رہے ہیں۔ انہیں پاکستان کی دنیا میں ہونے والی پذیرائی سے خوف آرہا ہے وہ خوفزدہ ہیں کہ پاکستان اس جدید دنیا میں کہیں امتیازی حیثیت نا حاصل کرلے اور انکے مفادات جن کے لئے وہ برسوں سے تگ و دو کر رہے ہیں ان پر پانی پھر جائے۔ ہمارے ملک کے سارے سیاست دان سوائے حکومت کے ایک جگہ جمع ہو گئے یا کرادئے گئے ہیں کیوں کے یہ وہی لوگ ہیں کہ جن کی مدد سے ماضی میں اپنے عزائم کو با احسن طریقے سے انجام دلواتے رہے ہیں۔

آج کی سب سے خوش آئند بات یہ ہے کہ سماجی ابلاغ کا دور ہے، آپ چاہتے ہوئے بھی کسی سے کوئی بات چھپا ہی نہیں سکتے، عوام سارے معاملے کا بھرپور جائزہ لے رہی ہے یہ وہ عوام ہے، جس نے گزشتہ تین برس اس لئے پیٹ پر پتھر باندھے رکھے کے حالات سازگار ہو جائینگے انکی آنے والی نسلیں قرضوں سے آزاد ہو جائینگی اب یہ ثمرات آنا شروع ہونے والے ہیں کہ حزب اختلاف کو کسی ایسے نے جس نے وزیر اعظم پاکستان کو دھمکی آمیز خط لکھا ہے، یکجا کیا اور ایک بار پھر اپنے مکروہ عزائم کیلئے کو تشکیل دینے کی خواہش ظاہر کی ہے۔ لکھنے والے شائد یہ بھول رہے ہیں کہ وہ دنیا کی ایک ایسی طاقتور مملکت کو دھمکی دے رہے ہیں جسکی عسکری قیادت سے لے کر ایک سپاہی تک اپنے اندرونی اور بیرونی دشمنوں سے نبرد آزما ہونے کا وسیع تجربہ رکھتی ہے۔

امیر المومنین عبدالرحمٰن الناصر اندلسی

ڈاکٹر ساجد خاکوانی: اسلام آباد

اندلس براعظم یورپ کا ایک خوبصورت جزیرہ نما ہے۔ اسے اسپین، ہسپانیہ اور جزیرہ نما آئبیریا بھی کہتے ہیں، اسکے ایک طرف خشکی اور تین اطراف میں سمندر ہے۔ 92ھ بمطابق 711ء میں اندلس کے جنوب میں ابنائے جبل الطارق کے مقام پر تاریخ اسلام کے عظیم سپہ سالار طارق بن زیادؒ نے اپنے جہاز نذر آتش کیے تا کہ افواج اسلامیہ کے ذہن سے واپسی کا خیال ختم ہو جائے۔ بہت جلد موسی بن نصیر بھی اسکی مدد کو آن پہنچے اور اندلس کی ابتدائی مہم کامیابی سے ہمکنار ہوئی۔ آغاز میں والیان تعینات ہو کر آتے رہے، کبھی مرکز خلافت سے اور کبھی افریقہ کے پایہ تخت قیروان سے، لیکن جب مرکز خلافت اسلامیہ میں عباسیوں کا قبضہ ہوا تو ایک اموی شہزادہ عبدالرحمٰن بن معاویہ جسے تاریخ نے ''الداخل'' کا خطاب دیا، کالے جھنڈے والی عباسی سپاہ سے بچتا ہوا اندلس میں تن تنہا داخل ہوا اور اموی اقتدار کی داغ بیل ڈالی۔ عبدالرحمٰن (سوئم) الناصر لدین اللہ اسی کی نسل سے تھا اور اندلس پر خاندان بنی امیہ کا ساتواں حکمران بنا۔

عبدالرحمٰن الناصر کا شمار اندلس کے کامیاب ترین حکمرانوں میں ہوتا ہے۔ اس نے اندلس پر پچاس سال حکمرانی کی و300ھ بمطابق 912ء کو اپنے دادا امیر عبداللہ کی وفات کے بعد تخت نشین ہوا۔ اس وقت شاہی خاندان میں بڑے بڑے شہزادے بشمول عبدالرحمٰن الناصر کے چچاؤں کے موجود تھے لیکن سب لوگ اسکی حکمرانی پر مطمعن رہے۔ سترہ سال کی مدت تک عبدالرحمٰن الناصر نے اپنے لیے امیر کا لقب اختیار کیے رکھا لیکن جب مشرق میں قوائے خلافت کمزور ہوئے اور خلیفہ مقتدر عباسی کو اسکے ترکی غلام مونس مظفر نے قتل کر دیا تو خلافت اسلامیہ کا وقار جاتا رہا۔ چنانچہ اندلس میں پہلی مرتبہ عبدالرحمٰن الناصر نے خلیفہ کا لقب اختیار کیا، امیرالمومنین کہلوایا، خطبہ میں اپنا نام شامل کیا اور ''ناصر لدین اللہ'' کے لقب سے ملقب ہوا۔ عبدالرحمٰن الناصر نے 22 سال کی عمر میں عنان اقتدار اپنے ہاتھ میں لی، تخت نشین ہوتے ہی اس نے شاہی خاندان کے تمام تنازعات کا خاتمہ کرایا اور اپنے مخالفین کو ٹھنڈا کیا۔ اس میں جہانگیری و جہاں بانی کے تمام اوصاف موجود تھے۔ اندلس کی حکومت کو جو مقام اس حکمران کے زمانے میں میسر آیا وہ اس سے پہلے اور اسکے بعد پھر کبھی نہ دیکھا گیا۔ تعمیرات کے شوقین اس بادشاہ نے کئی نئے شہر اور محلات تعمیر کیے اور باغات کی کثرت تو اس کے زمانے میں اندلس کا جداگانہ تعارف بن گئی تھی۔

عبدالرحمٰن الناصر کے دور اقتدار میں تقریباً تمام مدت جہاد جاری رہا۔ ابتدا میں خلیفہ خود جہاد میں شامل ہوتا، افواج اسلامیہ کی قیادت کرتا، دوران جہاد صوم و صلوۃ کی پابندی باہتمام کرتا اور کامیابی پر سجدہ شکر بجالاتا۔ اسکے دور میں عمر بن حفصون کی مکمل سرکوبی ہوئی، یہ باغی مارا گیا اور اسکے قلعے پر شاہی افواج کا قبضہ مکمل ہو گیا۔ یہ شخص ایک عرصہ سے قرطبہ کے حکمرانوں کے لیے درد سر بنا ہوا تھا۔ فرانسیسی افواج کے ساتھ تخت اندلس کی طویل جنگ رہی، حتی کہ فرانس کو اپنے زوال کا یقین ہو چلا تھا کیونکہ یہ ملک مسلمانوں کے حق میں اپنے کئی علاقوں سے محروم ہو چکا تھا، دوسری طرف افواج اسلامیہ یورپ کے عین قلب میں سلطنت تاج برطانیہ کی حدود پر دستک دے رہی تھیں۔ برطانیہ اور فرانس کی شہ پر اندلس کے اندر بھی کئی طاقتور عیسائی سرداروں نے بغاوت کی لیکن اس بادشاہ کے عہد میں کامیابی سے انکی سرکوبی کر دی گئی۔ جنگ خندق نامی ایک مشہور اور طویل جنگ میں اسلامی سپاہ کے پچاس ہزار فوجی کام آئے اور خلیفہ بمشکل پچاس سواروں کے ساتھ وہاں سے بچ نکلنے میں کامیاب ہو سکا۔ اس جانکاہ واقعہ کے بعد عبدالرحمٰن الناصر خود کسی معرکے میں شریک نہ ہوتا تاہم جہاد کے تسلسل کے لیے افواج بھیجتا رہا۔ اسکی ایک وجہ شاید بادشاہ پر بڑھاپے کا غلبہ بھی ہو سکتی ہے۔

عبدالرحمٰن الناصر کے عہد زریں میں کل اندلس میں عام طور پر اور قرطبہ میں خاص طور پر سینکڑوں تعلیمی ادارے جہالت و بے راہ روی کے خلاف خوش اسلوبی سے اپنے میدان میں برسرپیکار تھے۔ طلبہ سے کوئی معاوضہ نہ لیا جاتا تھا اور تعلیم نہ صرف یہ کہ مفت اور عام تھی بلکہ مستحق طلبہ کو وظائف بھی دیے جاتے تھے۔ جو طلبہ اعلی تعلیم کے خواہاں ہوتے انہیں انکے حوصلے کے مطابق اعانت میسر آتی تھی۔ جو علمی تحقیقات اور تجسس کے شوقین ہوتے انہیں سرکاری معاونت بہم پہنچائی جاتی تھی۔ کتابوں کی اشاعت حکومت کی ذمہ داری تھی، لکھنے والوں کو معاوضہ ملتا اور اچھی تصنیف پر دیگر انعامات بھی نذر کیے جاتے۔ مہندسین اور ماہرین نجوم کے لیے رصد گاہیں میسر تھیں اور طب و طبعی علوم کے ماہرین کے لیے تجربہ گاہیں۔ عبدالرحمٰن الناصر نے جامعہ قرطبہ کی توسیع بھی کی اور اسے یونیورسٹی کا درجہ دیا۔ اس جامعہ میں وقت کے بڑے بڑے علماء و فضلاء درس دیتے اور دربار شاہی میں بھی اپنا جائز مقام رکھتے تھے اور بڑے بڑے سرکاری فیصلوں میں دخیل ہوتے۔ قرطبہ اس قدر علوم کا شہر بن چکا تھا کہ مشرق و مغرب سے مسلمان و غیر مسلم اساتذہ و طلبہ یہاں کھچے چلے آتے تھے۔ علمی مجالس منعقد کرنا معاشرتی رواج بن گیا تھا، خود خلیفہ عبدالرحمٰن الناصر ہفتہ بھر میں ایک دفعہ یا دو دفعہ علماء کے ساتھ دربار لگاتا اور اسکے علاوہ بھی اہل علم و فضل، شعراء اور ادیب اور مفسرین، محدثین و فقہ مالکی کے ماہرین اسکے دربار سے مستقل طور پر وابسطہ تھے۔ عبدالرحمٰن الناصر کے عہد میں غیر عربی زبانوں سے تراجم کتب کا کام زوروں پر تھا اور بڑی سرعت کے ساتھ انکی نقول تیار کی جاتی تھیں۔ نقال اور نساخ حضرات کے تحریر کی رفتار حیرت انگیز حد تک تیز ہوا کرتی تھی، انکے گروہ دو نمازوں کے دوران ضخیم سے ضخیم کتاب کی نقل تیار کر کے تو اسکی جلد باندھ دیتے تھے، اندلس میں ایسے ماہرین فن کو ''وراقین'' کہا جاتا تھا۔ عبدالرحمٰن الناصر کے زمانہ میں اندلس کی شرح خواندگی سو فیصد کو چھو رہی تھی اور عوام و خواص علم کے شوقین تھے حتی کہ ملاح، نان بائی اور حجام تک کی سطح کے لوگ فی البدیہ اشعار میں گفتگو کیا کرتے تھے۔ عبدالرحمٰن الناصر بذات خود بھی شاعر تھا، اسکے اکثر اشعار مورخین نے محفوظ کیے ہیں۔ علوم و فنون کا اتنا قدردان تھا کہ اس نے ریاست کی آمدنی کا تیسرا حصہ مقاصد تعلیم کے لیے مختص کر رکھا تھا۔ ہر دین، مذہب اور عقیدے کے علماء اسکے دربار سے وابسطہ تھے۔ یونانی فلسفہ کے عربی ترجمہ پر اس نے خصوصی توجہ دی، لیکن اندلسی علماء نے اس کو پسند نہ کیا۔ ہسدائی بن شبروت نامی یہودی ماہر معاشیات عبدالرحمٰن الناصر کا وزیر تجارت تھا۔ اس بادشاہ کی بہت بڑی لائبریری تھی، جہاں ہر ہر فن کی کتب الگ الگ الماریوں میں چنی تھیں اور ایک طرف ان کتب کے میزانچے (کیٹلاگ) بھی دھرے تھے جس کے باعث طالبان علم بڑی آسانی سے ان کتب تک رسائی حاصل کر لیتے تھے۔ اس کے زمانے میں ایک چھاپہ خانہ بھی کام کرتا تھا جس پر بادشاہ کے احکامات چھپتے تھے۔ دیگر مسلمان حکمرانوں کی طرح عبدالرحمٰن الناصر نے بھی رفاہ عامہ کے بہت سے کام کیے۔ اس نے شہروں کے درمیان سرائیں بنائیں، مسافر دو کوس بھی نہ چل پاتا تھا کہ اسے کوئی سرائے مل جاتی۔ اندلس کی پن چکیاں پانی سے چلتیں تھیں صرف غرناطہ شہر میں 130 پن چکیاں کام کرتی تھیں۔ عبدالرحمٰن الناصر کے زمانے میں اندلس میں 800 کارخانے صرف کپڑے کے تھے۔ ریشم کے کیڑوں کی صنعت اپنے عروج پر تھی، گھروں کے اندر ریشم کے کیڑے پال کر ان سے بہترین ریشم حاصل کیا جاتا تھا۔ اندلس کی چار کروڑ کی آبادی میں سے ایک کروڑ کی آبادی صرف ریشمی کپڑا استعمال کرتی تھی۔ اندلس میں تیار کیا جانے والا کاغذ موجودہ زمانے کے کاغذ سے کسی طرح بھی کم نہ تھا۔ شاطبہ نامی شہر میں روزانہ کئی ہزار ٹن کاغذ تیار ہوتا تھا، اس شہر کی آبادی کا نصف اسی صنعت سے وابسطہ تھا۔ قرطبہ کے بیس ہزار تاجر صرف کاغذ کا کاروبار کرتے تھے۔ اندلسیوں نے روئی سے کاغذ بنانے کی ٹیکنالوجی کا آغاز کیا۔ کاغذ کی سب سے بڑی خریدار حکومت وقت تھی۔ عبدالرحمٰن الناصر کے زمانے میں اندلس میں ایسے کارخانے تھے جن میں تیر سے توپ تک کی چیزیں بنا کر ڈھالی جاتیں تھیں ایسے کارخانوں کو ''دارالصناعۃ'' کہتے تھے۔ عینک اور جہاز بھی اندلسی مسلمانوں کی ایجاد ہیں، میزان الوقت (سٹاپ واچ) بھی سب سے پہلے اندلس میں متعارف ہوئی۔ ہاتھی دانت، شیشہ، ظروف سازی اور چمڑے کی صنعت میں اندلسی مسلمان دنیا بھر میں اپنا ثانی نہیں رکھتے تھے۔

عبدالرحمٰن الناصر کے زمانے میں زراعت نے بے پناہ ترقی کی۔ سو سے زیادہ باغات تو غرناطہ شہر میں صرف شاہی محلات سے ملحق تھے۔ دو شہروں کے درمیان سفر کرنے والا مسافر سڑک کے دونوں طرف لگے پھل دار درختوں کے سائے میں ہی سفر کرتا تھا۔ کثرت باغات کے باعث مسلمانوں کے زمانے میں اندلس جنت ارضی کا پتہ دیتا تھا۔ پچاس پچاس فٹ کے تالاب پانی کے ڈیم کے لیے جھیل کا کام کرتے اور کاشتکاری کے لیے پانی یہیں سے فراہم کیا جاتا، ایک جگہ سے دوسری جگہ تک پانی کی فراہمی کے لیے زیرزمین نہریں بنائی گئی تھیں۔ ہر جمعرات کو تقسیم آب کے لیے مسجد کے دروازے پر شرفائے علاقہ کی پنچائت ہوتی اور حکومت اس پنچائت کے فیصلے کا احترام کرتی۔ کاشتکاروں کی تربیت کے لیے تعلیمی ادارے بھی تھے۔ اندلسی مسلمان فصل دشمن کیڑوں کی ہلاکت کے لیے کیڑے مار دوائیوں کا استعمال بھی جانتے تھے۔

لیموں، شہتوت، انجیر، کیلا، پستہ، بادام چاول، تل، پالک، سیاہ مرچ اور زعفران اس زمانے میں اندلس کی مشہور پیداوار تھے۔

عبدالرحمٰن الناصر تعمیرات کا شوقین بادشاہ تھا اس نے اندلس کے ہر حکمران کی طرح جامع قرطبہ کی توسیع کی۔ اپنی دلپسند کنیز ''زہرا'' کے نام سے ایک محل بھی تعمیر کیا جو بعد میں آنے والے عیسائی فاتحین نذر آتش کر دیا۔ یہ محل چالیس سال تک تعمیر ہوتا رہا، کروڑوں کے اخراجات اٹھے، سونے کا بے پناہ استعمال نے اسے حسن و زیبائش کا اعلی نمونہ بنادیا، قصر میں ایک مسجد بھی تعمیر کی گئی جس میں قیمتی دھاتیں بے تکلفی سے استعمال کی گئیں۔ یہ محل بادشاہ کو اس قدر پسند آیا کہ اس نے اسے ہی اپنا پایہ تخت بنا لیا۔ اسکی تعمیرات میں سنگ تراشی، مرصع نگاری اور خطاطی کے بے شمار نمونے آج تک موجود ہیں۔

عبدالرحمٰن الناصر اندلسی ذاتی طور پر بہت محنتی حکمران تھا، اس نے لکھا کہ میں نے زندگی میں کل چودہ دن فرصت کے گزارے ہیں۔ پچاس سال پر محیط اس بادشاہ کے دور حکمرانی نے کبھی ظلم و جور کو اس دھرتی پر روا نہیں دیکھا، مسلمان، یہودی اور عیسائی اس کی سلطنت میں اسلامی تعلیمات میں دیے گئے حقوق کے عین مطابق متوازن زندگی گزارتے تھے۔ ایک بارشاہ فرانس نے عیسائی پادریوں کو خط لکھا کہ میں باہر سے حملہ کروں گا تم اندر سے میرا ساتھ دینا۔ پادریوں کے اجتماع کی طرف سے اسے جواب دیا گیا کہ اس ریاست میں ہمیں مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے اور ہمارے حقوق کا پورا پورا احترام کیا جاتا ہے، ہمارے باہمی جھگڑوں کے فیصلے کے لیے ہمارا ہم مذہب قاضی تعینات ہے پس محض حکمرانوں کی تبدیلی کے لیے ہم کسی کشت و خون کی خاطر تمہارا ساتھ نہیں دے سکتے۔ شاندار حکمرانی کا حامل یہ باشاہ 3 رمضان المبارک 350ھ کو اپنے خالق حقیقی سے جاملا۔

Show Biz
شوبز کارنر

شادی سے قبل جاوید شیخ کے ساتھ اہلیہ کیلئے رشتے دیکھتا رہا، بہروز سبزواری

نوجوان عوام کے سامنے جعلی پیار کرتے ہیں مگر گھر میں حد سے زیادہ لڑائی کرتے ہیں اور وہ ایسا نہیں کرتے



کراچی (این این آئی) سینئر اداکار بہروز سبزواری نے انکشاف کیا ہے کہ اہلیہ سفینا سے رشتہ ازدواج میں بندھنے سے قبل وہ ان کی شادی کے لیے لڑکوں کے رشتے دیکھتے رہے تھے۔ بہروز سبزواری اور سفینا سبزواری نے حال ہی میں حنا الطاف اور آغا علی کے شو میں شرکت کی، جہاں دونوں نے اپنی ازدواجی زندگی سے متعلق کھل کر باتیں کیں۔ دوران پروگرام دونوں نے شوبز انڈسٹری اور فیشن پر بھی بات کی اور بتایا کہ کس طرح ان کے خاندانی تعلقات رہے تھے۔ ایک سوال کے جواب میں بہروز سبزواری نے کہا کہ وہ اب سمجھدار ہو چکے ہیں اور عوام کے سامنے لڑتے جھگڑتے نہیں۔

سیف علی خان اس 51 سال کی عمر سے زائد ہو چکے

سیف کو کہا ہے 60 سال کی عمر میں بچہ پیدا کرنے کی کوشش نہیں کرنی، کرینہ کپور

ممبئی (این این آئی) بولی وڈ 'بیبو' کرینہ کپور خان نے کہا ہے کہ انہوں نے اپنے شوہر سیف علی خان کو خبردار کیا ہے کہ وہ 'باز' آجائیں اور 60 سال کی عمر میں والد بننے کی کوشش نہ کریں۔ سیف علی خان اس 51 سال کی عمر سے زائد ہو چکے ہیں اور ان کی اہلیہ کرینہ کپور 41 برس کی ہیں، دونوں کی عمر میں 10 سال کا فرق ہے۔ دونوں نے 2012 میں شادی کی تھی اور دونوں کے ہاں اب تک دو بچے ہو چکے ہیں اور مجموعی طور پر سیف علی خان کو چار بچے ہیں۔ سیف علی خان کو پہلے دو بچے سارہ خان اور ابراہیم علی خان ہیں، انہوں نے پہلی شادی اداکارہ امریتا سنگھ سے 1991 میں کی تھی جو کہ شوہر سے 13 سال زائد العمر تھیں۔ سیف علی خان اور امریتا سنگھ کے درمیان 2004 میں طلاق ہو گئی تھی، جس کے بعد انہوں نے کرینہ کپور سے شادی کی تھی۔ کرینہ کپور نے حال ہی میں فیشن میگزین 'ووگ انڈیا' کو دیے گئے انٹرویو میں والدہ بننے کے بعد زندگی میں آنے والی تبدیلیوں پر کھل کر بات کی اور بتایا کہ جب انہوں نے پہلے بچے کو 2016 میں جنم دیا تھا، اس وقت وہ کتنی خوفزدہ تھیں اور اب وہ کتنی مطمئن ہیں۔

میری ملکہ بننے کا شکریہ، عاطف اسلم کا اپنی 'کوئین' کے لیے پیار بھرا پیغام

'اگر مجھے اپنی زندگی دوبارہ جینے کا موقع ملا تو اگلی بار بھی میں آپ کو جلد ملوں گا

کراچی (این این آئی) پاکستان سمیت بھارت میں بھی یکساں مقبول گلوکار و اداکار عاطف اسلم نے شادی کی سالگرہ کے موقع پر پیار بھرا پیغام شیئر کیا ہے۔ عاطف اسلم نے انسٹاگرام پوسٹ میں اہلیہ سارہ بھروانہ کیلئے پیغام میں لکھا کہ 'اگر مجھے اپنی زندگی دوبارہ جینے کا موقع ملا تو اگلی بار بھی میں آپ کو جلد ملوں گا تا کہ ہم مزید تصاویر لے سکیں اور ایک ساتھ مزید یادیں بنا سکیں۔ انہوں نے سارہ کیلئے یہ بھی لکھا کہ 'میری ملکہ بننے کا شکریہ۔ اسی پوسٹ میں انہوں نے اپنے چاہنے والوں کا بھی شکریہ ادا کرتے ہوئے بتایا کہ آپ سب کی دعاؤں سے میرے والد کی طبیعت بہتر ہے۔

عالیہ اور رنبیر اپریل میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہو جائیں گے

شادی کی تمام تقریبات ممبئی میں ہوگی جس میں تمام فلمی شخصیات کو مدعو کیا جائے گا



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی معروف جوڑی عالیہ بھٹ اور رنبیر کپور کے حوالے سے خبریں زیر گردش ہیں کہ دونوں اگلے ماہ شادی کرنے جا رہے ہیں جس پر رنبیر کا ردعمل آ گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی فلم اسٹارز کے مداحوں کے درمیان قیاس آرائیاں ہو رہی ہیں کہ عالیہ اور رنبیر رواں سال اپریل میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہو جائیں گے، تاہم اب اداکار نے خاموشی توڑتے ہوئے اعلان کیا کہ وہ جلد مذکورہ اداکارہ سے شادی کریں گے، میں نے اور عالیہ نے شادی کے حوالے سے مکمل ارادہ کرلیا ہے۔ رنبیر کپور نے عالیہ بھٹ سے جلد شادی کا تو بتایا لیکن انہوں نے مہینہ یا تاریخ واضح نہیں کی۔

کوریوگرافر گنیش اچاریہ پر جنسی ہراسانی کے سنگین الزامات

ممبئی (این این آئی) بھارتی پولیس نے بالی ووڈ کے معروف کوریوگرافر گنیش اچاریہ پر جنسی ہراسانی اور تعاقب کرنے کے الزامات عائد کیے ہیں۔ بالی ووڈ کے معروف کوریوگرافر گنیش اچاریہ کے خلاف 2020 میں ان کی ایک ساتھی ڈانسر کی جانب سے دائر کیے گئے جنسی ہراسانی کے مقدمے میں تازہ ترین اطلاعات سامنے آئی ہیں جس کے مطابق ممبئی پولیس نے گنیش اچاریہ پر جنسی ہراسانی اور تعاقب کرنے کے الزامات عائد کیے ہیں۔ کیس کی تحقیقات کرنے والے اوشیوارا پولیس آفیسر سندیپ شندے کے مطابق کوریوگرافر گنیش اچاریہ کے خلاف چارج شیٹ حال ہی میں ممبئی کی ایک مجسٹریٹ عدالت میں داخل کی گئی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے۔

زندگی میں پہلی دعا تب مانگی جب ماں آئی سی یو میں تھی' شاہ رخ

1990 میں جب ماں کا انتقال ہوا تو اس وقت میں گوا میں شوٹنگ میں مصروف تھا

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے سپر اسٹار شاہ رخ خان نے معروف میزبان سیمی گریوال کو ماضی میں دیے گئے انٹرویو میں اپنی والدہ کے انتقال کی کہانی سنائی تھی۔ شاہ رخ خان متعدد بار اپنے انٹرویوز میں اس بات کا اعتراف کر چکے ہیں کہ وہ کبھی کبھار بہت زیادہ دکھی ہو جاتے ہیں کہ آج وہ جس مقام پر موجود ہیں، ان کی والدہ کو یہ دیکھنا چاہیے تھا۔ ماضی میں مشکل مالی حالات کا سامنا کرنے والے شاہ رخ نے اپنے انٹرویو میں بتایا کہ 1990 میں جب ماں کا انتقال ہوا تو اس وقت میں گوا میں شوٹنگ میں مصروف تھا، مجھے ان کی طبیعت خرابی کی اطلاع ملی تو میں فوراً ممبئی پہنچا۔

عمران خان کو ذوالفقار بھٹو بننے کا شوق ہے، ریحام خان

بلاوجہ امریکہ کو تنازعہ میں گھسیٹ رہے ہیں، وہ خود ایک متنازعہ شخصیت ہیں



لاہور (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کی سابقہ اہلیہ و صحافی ریحام خان نے کہا ہے کہ عمران خان کا سیاسی کیریئر ختم ہو چکا ہے، اب عوام ان سے بری طرح سے تنگ آ چکے ہیں، وہ ایک خود پسند شخصیت ہیں۔ ایک غیر ملکی ٹی وی کو انٹرویو میں ریحام خان نے کہا کہ عمران خان کے خطاب میں کچھ نیا نہیں تھا، سب پرانا اور گھسی پٹی باتیں دہرائی گئی ہیں، عمران خان بلاوجہ امریکہ کو تنازعہ میں گھسیٹ رہے ہیں جبکہ وہ خود ایک متنازعہ شخصیت ہیں۔ ریحام خان نے کہا کہ عمران خان کو ذوالفقار علی بھٹو بننے کا بہت شوق ہے وہ خود کو ایک سیاسی شہید بنانا چاہتے ہیں۔ ریحام خان نے کہا کہ جس طرح وہ اپنے کرکٹ کے دور میں مداحوں میں گھرے رہتے تھے، وہ سیاست میں بھی اس طرح کا ہی مقام چاہتے ہیں، اسی لیے نا استعفیٰ دے رہے ہیں۔

SPORTS
کھیل کھلاڑی

شاداب خان نے بابر اعظم کو بادشاہ قرار دیدیا

بابر اعظم اور امام الحق کی تصاویر شیئر کیں اور بابر کو بادشاہ قرار دیا



لاہور (این این آئی) قومی ٹیم کے آل راؤنڈر شاداب خان نے بابر اعظم کو بادشاہ قرار دیدیا۔ ٹوئٹر پر شاداب خان نے گزشتہ روز کے میچ کے دوران لی گئی بابر اعظم اور امام الحق کی تصاویر شیئر کیں اور بابر کو بادشاہ قرار دیا۔ شاداب نے بابر اعظم اور امام الحق کی سنچریوں کی تعریف کرتے ہوئے لکھا کہ ایک ضروری بات وہ یہ کہ بادشاہ ایک ہے اور وہ بابر ہے۔ شاداب نے ٹوئٹ میں ٹیم کی کوشش اور فاسٹ بولرز کو بہترین کھیل پیش کرنے پر بھی سراہا۔ انہوں نے لکھا کہ فخر زمان نے اچھا آغاز کیا، افتخار اور خوشدل نے پرسکون انداز میں میچ کو ختم کیا۔

امام الحق نے ہاشم عاملہ کا ریکارڈ توڑ دیا

امام الحق 48 ون ڈے اننگز میں 9 سنچریاں بنانے والے پہلے بیٹر بن گئے

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے بیٹر امام الحق نے آسٹریلیا کے خلاف کھیلتے ہوئے نیا ریکارڈ بنا دیا، امام الحق 48 ون ڈے اننگز میں 9 سنچریاں بنانے والے پہلے بیٹر بن گئے۔ امام الحق سے قبل ہاشم آملہ نے 52 اننگز میں 9 سنچریاں اسکور کی تھیں، کوئنٹن ڈی کوک نے 53 اور بابر اعظم نے 61 اننگز میں 9 سنچریاں بنائیں۔ امام الحق 48 اننگز میں سب سے زیادہ رنز بنانے والے پاکستانی بھی ہو گئے۔

بابر اعظم نے اننگز میں 15 ون ڈے سنچری اسکور کرنے کا ریکارڈ اپنے نام کرلیا

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے کم سے کم اننگز میں 15 ون ڈے سنچری اسکور کرنے کا ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں بابر اعظم نے آسٹریلیا کیخلاف دوسرے ایک روزہ میچ میں سنچری اسکور کی جس کے بعد انہوں نے کم سے کم اننگز میں 15 ون ڈے سنچری اسکور کرنے کا ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ بابر اعظم نے 83 اننگز میں 15 سنچریاں مکمل کیں، اس سے قبل جنوبی افریقا کے ہاشم آملہ نے 86 اننگز میں 15 سنچریاں اسکور کی تھیں۔ اس سے قبل پاکستانی کپتان آسٹریلیا کے خلاف پہلے ون ڈے میچ میں تیز ترین 4 ہزار رنز بنانے والے ایشین کرکٹر بنے تھے۔ بابر اعظم نے 82 اننگز میں یہ سنگ میل عبور کیا۔



آسٹریلیا کے سابق وکٹ کیپر پیٹر نیویل کا ہر طرح کی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا

سڈنی (اے ایف پی): آسٹریلوی کرکٹ ٹیم کے سابق وکٹ کیپر اور نیو ساتھ ویلز کے کپتان پیٹر نیویل نے جمعہ کو ہر طرح کی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ 36 سالہ پیٹر نیویل نے جمعہ کو اپنی ریٹائرمنٹ کی تصدیق سڈنی میں کی۔ انہوں نے صحافیوں سے بات کرتے ہوئیکہا کہ 2021/22 شیفیلڈ شیلڈ سیزن ان کا آخری ہوگا، جس کے بعد ان کے 13 سالہ فرسٹ کلاس کیریئر کا اختتام ہو جائے گا۔ پیٹر نیویل رواں سال فروری سے کندھے کی انجری کی وجہ سے کھیل نہیں پائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ میرے لیے مایوس کن سیزن تھا کیونکہ میں نے کندھے کی انجری کے باعث رواں سیزن میں اپنے باقی کیریئر کے مقابلے میں زیادہ میچز کھودیئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپنے ملک کے لئے کھیلنے پر مجھے بہت فخر ہے اور یہ کہ میں نیو ساتھ ویلز کی لمبے عرصے تک نمائندگی کرتا رہا۔

فاسٹ بالر عمر گل افغان کرکٹ ٹیم کے بولنگ کنسلٹنٹ بن گئے

چار اپریل کو ابوظہبی میں جاری افغانستان کرکٹ ٹیم کے کیمپ کو جوائن کریں گے



لاہور (اے ایف پی): پاکستان کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بالر عمر گل افغانستان کرکٹ ٹیم کے بولنگ کنسلٹنٹ بن گئے۔ فاسٹ بالر عمر گل نے افغانستان کرکٹ ٹیم کے بولنگ کنسلٹنٹ بننے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ وہ چار اپریل کو ابوظہبی میں جاری افغانستان کرکٹ ٹیم کے کیمپ کو جوائن کریں گے۔ پاکستان کی جانب سے چار سو شکار کرنے والے دائیں ہاتھ کے پیسر کا کہنا تھا کہ ابتدائی طور پر تین ہفتوں کا افغانستان کرکٹ بورڈ کے ساتھ معاہدہ طے پایا ہے جس کی تکمیل کے بعد اس میں اضافہ بھی ممکن ہے۔

امام الحق کو بتایا تھا کہ رن ریٹ نیچے نہیں آنے دینا، بابر اعظم

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے کہا ہے کہ امام الحق کو بتایا تھا کہ رن ریٹ نیچے نہیں آنے دینا۔ بابر اعظم کے امام الحق کے ہمراہ گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ امام کے ساتھ پارٹنر شپ لگائی اور مثبت نتیجہ نکلا۔ انہوں نے کہا کہ اتار چڑھاؤ آتے رہتے ہیں، ہم ایک دوسرے کو بیک کرتے ہیں، جو غلطیاں کرتے ہیں اس پر قابو پانے کی کوشش کرتے ہیں۔ بابر نے بتایا کہ میچ کے آخری اوورز میں خوشدل اور افتخار نے بہت عمدہ کھیلا ہے۔ بیٹر امام الحق نے کہا کہ لاہور میں کھیلنا اور سنچری کا خواب تھا جو پورا ہوا۔ امام الحق نے کہا کہ ایسی جیت ٹیم کے لیے بہت اچھی ہوتی ہے۔

پاکستان نے بہترین کھیلا، بین میک ڈرمٹ

یہ اننگز بڑی خاص ہے، میرے کیریئر کی پہلی سنچری ہے، بولرز کے لیے پچ کچھ خاص نہیں تھی

لاہور (این این آئی) آسٹریلیا کے بیٹر بین میک ڈرمٹ نے کہا ہے کہ 350 رنز تک کے ہدف کا دفاع کیا جاسکتا ہے تاہم پاکستان کے کھلاڑیوں نے غیر معمولی اننگز کھیلی۔ دوسرے میچ میں آسٹریلیا کی جانب سے سنچری بنانے والے بین میک ڈرمٹ نے آن لائن پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ یہ اننگز بڑی خاص ہے، میرے کیریئر کی پہلی سنچری ہے، بولرز کے لیے پچ کچھ خاص نہیں تھی، ویسی ہی تھی جیسی پہلے میچ میں تھی۔ بین میک ڈرمٹ نے کہا کہ پاکستان کی دو اچھی اننگز ہوئیں، بابر اعظم نے شاندار اننگز کھیلی

آسٹریلیا اور انگلینڈ کے درمیان فائنل معرکہ 3 اپریل کو ہوگا

کرائسٹ چرچ۔ (اے ایف پی): دفاعی چیمپئن انگلینڈ اور آسٹریلیا کی ٹیموں کے درمیان آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ کا فائنل میچ 3 اپریل کو کرائسٹ چرچ میں کھیلا جائے گا۔ آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ میں کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ نیوزی لینڈ میں جاری ہے، جس کا فائنل میچ 3 اپریل کو دفاعی چیمپئن انگلینڈ اور آسٹریلیا کی خواتین ٹیموں کے درمیان ہیگلے اوول، کرائسٹ چرچ میں کھیلا جائے گا۔

پاکستان کے قیام کو 74 سال ہو گئے ہیں

خدارا کسی ایک منتخب حکومت کو تو آئینی مدت پوری کرنے دیں، شاہد آفریدی



اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے موجودہ ملکی صورتحال پر کہا ہے کہ پاکستان کے قیام کو 74 سال ہو گئے ہیں۔ خدارا کسی ایک منتخب حکومت کو تو آئینی مدت پوری کرنے دیں۔ شاہد آفریدی نے ٹوئٹ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے قیام کو 74 سال ہو گئے ہیں، خدارا کسی ایک منتخب حکومت کو تو آئینی مدت پوری کرنے دیں کیونکہ ہر عوام کی منتخب کردہ حکومت کو آئینی مدت پوری کرنے کا حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ 74 سال کی برائیاں ختم ہوتے ہوتے ہونگی۔ واضح رہے کہ پاکستان کے 74 سالہ سیاسی دور میں آج تک کوئی بھی وزیر اعظم اپنی 5 سالہ مدت مکمل نہیں کر سکا اور اب اپوزیشن کے نمبرز پورے ہونے کے بعد بظاہر لگ رہا ہے کہ عمران خان بھی اپنی مدت پوری نہیں کر سکیں گے۔

بقیہ 1

نوکریوں کے قریب پہنچ جائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی اسد عمر کا کہنا ہے کہ گزشتہ 3 سال میں 55 لاکھ 50 ہزار کے قریب روزگار میں اضافہ ہوا، مسلم لیگ ن کے 5 سالہ دور میں 57 لاکھ کا اضافہ ہوا تھا، مسلم لیگ ن کی حکومت میں جتنا اضافہ ہوا اتنا ہی 3 سالوں میں ہم نے کیا۔ اسد عمر کا کہنا تھا کہ پاکستان میں سب سے زیادہ روزگار شعبہ زراعت میں ہے، مسلم لیگ ن کے دور میں 7 لاکھ 20 ہزار افراد کے روزگار کی کمی ہوئی، ہمارے 3 سالہ دور میں زراعت کے شعبے میں 14 لاکھ 20 ہزار افراد کے روزگار کا اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ صنعت میں ن لیگ دور میں جتنا اضافہ ہوا اس سے زیادہ ہمارے دور میں ہوا، مجموعی طور پر روزگار میں اضافے کی شرح 62 فیصد بہتر ہے، ہمارے دور میں 11 لاکھ لوگوں کو بیرون ملک ملازمت ملی۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ ہم نے اپنی تمام پالیسی کو پیداواری شعبے پر مرکوز کیا، گندم، چاول، گنا اور مکئی کی فصلوں کی ریکارڈ پیداوار ہوئیں۔ مسلم لیگ ن نے 5 سال میں گندم میں 5 روپے فی من اضافہ کیا، ہم نے 3 سالہ دور میں گندم کی فی من قیمت میں 900 روپے کا اضافہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ فیصل آباد میں سریے کے دام پر ٹیکسٹائل مشینری بک رہی تھی، ہمارے دور میں اربوں ڈالر کی نئی مشینری لائی جارہی ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق پہلی بار جی ڈی پی مسلسل 2 سال گروتھ کر رہی تھی، ہماری پالیسیز 5 سال چلتی رہیں تو یقین ہے 1 کروڑ نوکریوں کے قریب پہنچ جائیں گے۔

بقیہ 2

کھرب روپے کے ہدف سے 248 ارب روپے زیادہ ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 2020-21 کی اسی مدت میں 3.394 کھرب کے محصولات کی وصولی کے مقابلے میں مالی سال 22 میں جولائی تا مارچ 29.1 فیصد اضافہ ہوا، یہ نمو موجودہ حکومت کو پیٹرولیم کی قیمتوں میں سبسڈی دینے، بجلی کی قیمتوں میں کمی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے اور صنعتوں پر ٹیکس لگانے میں مراعات کی فراہمی میں مدد فراہم کرے گی۔ مارچ میں محصولات کی وصولی ہدف 29 ارب روپے سے کم ہو کر 575 ارب روپے رہ گئی جبکہ اس ماہ کیلئے 604 ارب روپے کا تخمینہ لگایا گیا تھا، محصولات کی وصولی گزشتہ سال کے 477 ارب روپے سے 20.5 فیصد بڑھ کر 575 ارب روپے ہوگئی۔ مارچ کے مہینے میں محصولات کی وصولی میں کمی آنا شروع ہوگئی، اعداد وشمار ظاہر کرتے ہیں کہ محصولات کی وصولی نا صرف ہدف سے کم ہوئی بلکہ یہ بھی ظاہر کرتی ہے کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں وصولی میں نسبتاً کم اضافہ ہوا۔ ایف بی آر کے ایک باضابطہ اعلان میں کہا گیا کہ ملکی تاریخ میں پہلی بار تمام پی او ایل مصنوعات پر سیلز ٹیکس کو صفر کر دیا گیا ہے جس کی مارچ 2022 میں ٹیکس باڈی کو 45 ارب کی لاگت آئی، کیڑے مار ادویات، ٹریکٹر، گاڑیاں اور تیل اور گھی 18 ارب روپے ماہانہ آتا ہے۔ اسی طرح دواسازی کی مصنوعات پر زیرو ریٹنگ کی وجہ سے مارچ کے مہینے میں ایف بی آر کو سیلز ٹیکس کی مد میں 10 ارب روپے کا نقصان ہوا، اس طرح مجموعی طور پر ان امدادی اقدامات سے مارچ 2022 کے دوران آمدن پر تقریباً 73 ارب روپے کا اثر پڑا ہے۔ یہ بھی پڑھیں: رواں مالی سال: 7 ماہ میں ریونیو کلیکشن ہدف سے تجاوز کرکے 25 کھرب 70 ارب روپے ہحکومت پہلے ہی اعلان کر چکی ہے کہ ایف بی آر کا نیا ریونیو ہدف 6.1 کھرب روپے ہوگا،

بقیہ 3

عثمان بزدار کا استعفیٰ منظور کرنے کے ساتھ ساتھ ہی 2 اپریل کو پنجاب اسمبلی کا اجلاس بھی طلب کرلیا ہے، طلب کیے گئے اجلاس کا ایجنڈا قائد ایوان کا انتخاب ہے۔ وزیراعلیٰ کا استعفیٰ منظور کیے جانے کے بعد ان کے خلاف پنجاب اسمبلی میں جمع کرائی گئی تحریک عدم اعتماد غیر موثر ہوگئی۔ عثمان بزدار کے استعفے کی منظوری کے بعد اب پنجاب اسمبلی ہفتے کو اپنے قائد ایوان کا انتخاب کرے گی جس کے لیے پی ٹی آئی کی طرف سے پرویز الٰہی کو نامزد کیا گیا ہے۔ گورنر پنجاب نے آئین پاکستان کے آرٹیکل 109 کے تحت صوبائی اسمبلی کا 40 اجلاس طلب کیا ہے جس میں آئین کے آرٹیکل 130 کے تحت نئے وزیر اعلیٰ پنجاب کا انتخاب کیا جائے گا۔

بقیہ 4

حصہ ہے، لوگوں کو ریاست مدینہ کا ماڈل ہی سمجھ نہیں آیا، ہم نے سکیورٹی سے متعلق کبھی بات نہیں کی، ہمارے دماغ میں ہمیشہ سکیورٹی کا مطلب فوج تھا، امیر اور غریب میں فرق سے لوگوں میں بے چینی پیدا ہوتی ہے، سکیورٹی ڈائیلاگ ملک کیلئے بہت اہم ہیں، تعلیم اور صحت کے نظام میں فرق پیدا کر دیا گیا، کوئی بھی معاشرہ قانون کی حکمرانی کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا، ملک پر اشرافیہ نے قبضہ کیا ہوا ہے۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ منی لانڈرنگ کی بڑی وجہ مجرموں کو سزائیں نہ ملنا ہے، کرپٹ لوگ غریب ملکوں کا پیسہ باہر لے جاتے ہیں، مخصوص طبقہ غریب عوام کو آگے نہیں بڑھنے دیتا، کوئی بھی معاشرہ قانون کی حکمرانی کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ کیوبا نے پابندیوں کے باوجود ترقی کی، کرپٹ لوگ پیسہ چوری کر کے امیر ممالک میں رکھتے ہیں، خود مختار خارجہ پالیسی ملک کیلئے ضروری ہے، بہترین خارجہ پالیسی ملکی مفادات کو ترجیح دیتی ہے، ماضی میں افغان جنگ میں شراکت دار رہے، افغان جنگ میں شراکت داری مالی امداد کیلئے تھی یا افغانوں کی مدد کیلئے؟ روس جانے پر نتائج کی دھمکیاں دی گئیں، کیا کسی خود مختار آزاد ملک کو ایسی دھمکیاں دی جا سکتی ہیں؟۔

بقیہ 5

سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انرجی سکیورٹی کسی بھی ملک کی معیشت کے لیے اہم ہے، معیشت کے لیے مستحکم، بلا تعطل اور سستی بجلی کی ضرورت ہے۔ خالد منصور کا کہنا تھا کہ پاکستان میں چند سال پہلے تک فرنس آئل سے بجلی بنائی جا رہی تھی، بجلی کے بحران نے معیشت کو بری طرح متاثر کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک پاکستان کے لیے معیشت کو بہتر بنانے کا منصوبہ ہے، سی پیک فلیگ شپ منصوبہ ہے، پہلے مرحلے میں 5 ہزار میگا واٹ کے منصوبے لگائے، تھر میں مزید پاور پلانٹ لگائے جائیں گے۔ خالد منصور کا مزید کہنا تھا کہ تھر کے کوئلے کو گیس میں تبدیل کرنے پر کام کر رہے ہیں، سیمنٹ انڈسٹری 14 ملین ٹن درآمد کر رہی ہے۔

بقیہ 6

کے اعلامیے میں سازش کا ایک لفظ نہیں، جس طرح سے معاشرے میں گالی گلوچ اور دشنام طرازی کا کلچر عمران نیازی نے متعارف کرایا وہ افسوسناک ہے، اپوزیشن کے خلاف کیسز بنائے گئے مگر ایک دھیلا بھی نہیں ملا ہے۔ عمران خان کو اپنے گریبان میں جھانکنا چاہیے۔ جمعہ کو یہاں پریس کانفرنس کرتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ اگر امریکا نے سازش کی تو آپ نے او آئی سی کانفرنس میں امریکا کو کیوں دعوت دی، کیا آپ اتنے معصوم ہیں کہ معصومیت سے امریکا کا نام لے گئے، یہ آپ کا اخری، اور بھونڈا مزاق اور ناٹک ہے، یہ ڈرامہ بازی کس کو دکھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس ہوا، کیا اس کے اعلامیے میں کسی سازش کا ذکر ہے؟، قومی سلامتی کمیٹی کے اعلامیے میں سازش کا ایک لفظ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران نیازی نے ٹرمپ سے ملاقات میں امریکا سے اچھے تعلقات کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے کہا تھا کہ امریکا کے ساتھ اچھے تعلقات چاہتے ہیں، عمران خان نے دورے سے واپسی پر کہا کہ وہ دوسرا ورلڈ کپ جیت کر آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کل عمران خان بھارت کی بہت تعریفیں کر رہے ہیں

بقیہ 7

نیڈ پرائس نے میڈیا بریفنگ میں کہا کہ پاکستان کی صورتحال کا بغور جائزہ لے رہے ہیں۔ پاکستان میں قانون کی حکمرانی اور آئینی عمل کی حمایت اور احترام کرتے ہیں۔ ترجمان کا مزید کہنا تھا کہ دھمکی آمیز خط کے حوالے سے الزامات میں کوئی حقیقت نہیں ہے۔ وزیراعظم عمران خان نے گزشتہ روز قوم سے خطاب میں کہا تھا کہ ایک طاقتور ملک کی جانب سے دھمکی آمیز مراسلہ بھیجا گیا۔ سفارتی ذرائع کے مطابق وزیر اعظم عمران خان کی جانب سے نیشنل سکیورٹی کمیٹی کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا تھا کہ اس خط کے معاملے پر سفارتی سطح پر احتجاج کیا جائے گا۔ امریکی سفارتکار کو دفتر خارجہ طلب کر کے احتجاج کیا گیا۔

بقیہ 8

ور بھکاریوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 26 بھکاریوں کو گرفتار کر کے راولپنڈی شہر کے مختلف تھانوں میں بند کروایا۔ اس موقع پر ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض کا کہنا تھا کہ خصوصی بھکاری سکواڈ بھرپور محنت کر رہا ہے، پیشہ ور بھکاری راولپنڈی شہر کی مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں کھڑے ہو کر نہ صرف ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی اندیشہ بناتے ہے لہذا عوام سے بھی گزارش ہے کہ ایسے عوامل کی حوصلہ شکنی کی جائے اس سے نہ صرف معاشرے میں بہتری آئے گی بلکہ ٹریفک کی روانی بھی بہتر ہوگی۔

بقیہ 9

کے رہنما شاہد خاقان عباسی نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ خیبر پختونخوا بلدیاتی انتخابات میں سرکاری وسائل جھونکے گئے اس لئے حکومت وہاں جیتی۔ وزیراعظم، وزیر اعلیٰ اور وفاقی وزرا نے انتخابی مہم چلائی۔ شاہد خاقان عباسی کا مزید کہنا تھا کہ جھوٹ بولنے کے لئے بھی عقل کی ضرورت ہوتی ہے جو اس حکومت کے پاس نہیں ہے۔ بمپر کراپ کہاں گئی، گندم، کھاد، چینی ہم درآمد کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ڈھائی ارب روپے یومیہ قرض لیکر سود ادا کر رہی ہے۔ ملک کے چار سستے بجلی کے کارخانوں کو ڈیزل پر ٹرانسفر کیا گیا جس سے بجلی مہنگی کر دی گئی۔ یہ سب کچھ حکومتی نااہلی کے سبب ہورہا ہے۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ سستے ترین بجلی کے کارخانے بند ہو چکے ہیں اور 12 گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ کی جارہی ہے۔ تیل کی وجہ سے ہی پیسے بنائے جاتے ہیں اور کرپشن کی جاتی ہے۔

بقیہ 10

زیارات نے جمعرات کے روز ملک بھر سے اسلام آباد آنے والے 52 حفاظ کرام کے مقابلے کا اہتمام کیا۔ واضح رہے کہ وزارت نے اس مقابلے کیلئے تمام صوبہ جات سے پہلے مرحلے میں نامزدگیاں طلب کی تھیں۔ تمام صوبائی اوقاف کے محکموں نے اپنے طور پر مقابلوں کے بعد 52 حفاظ کو قومی مقابلے کیلئے نامزد کیا تھا۔ مقابلے کیلئے صوبہ سندھ سے چار، بلوچستان سے 8، پنجاب سے 16، خیبر پختونخواہ سے 8، گلگت بلتستان سے 2، اسلام آباد سے 8 اور آزاد کشمیر سے 6 حفاظ نے حصہ لیا۔ وزارت نے انتخاب کیلئے 5 ججز پر مشتمل ماہرین کی کمیٹی تشکیل دی تھی۔

بقیہ 11

کردیا۔ وزیراعظم عمران خان نے ٹوئٹر پر بیان میں کہا کہ پختونخوا بلدیاتی انتخابات میں کے پی کے عوام نے بیرونی آقاؤں کے حضور بکنے والے غداروں کو پوری شدت سے مسترد کردیا۔ وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ یہ تمام غداروں کے لئے پیشگی تنبیہ ہے کہ ان کے حلقوں میں ان کے ساتھ کیا ہونے والا ہے۔ پختونخوا بلدیاتی انتخابات کے دوسرے مرحلے میں فقید المثال کامیابی پر وزیراعلیٰ محمود خان اور اپنی پی ٹی آئی کی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

بقیہ 12

فاروق کی سربراہی میں بینچ نے محفوظ فیصلہ سنایا، جسٹس عامر فاروق اور جسٹس طارق محمود جہانگیری نے فیصلہ جاری کیا۔ عدالتی فیصلے کے بعد صادق سنجرانی ہی چیئرمین سینیٹ رہیں گے۔ یوسف رضا گیلانی نے چیئرمین سینیٹ الیکشن کالعدم قرار دینے کی انٹرا کورٹ اپیل دائر کررکھی تھی جبکہ سنگل بینچ نے یوسف رضا گیلانی کی درخواست ناقابل سماعت قرار دے کر خارج کردی تھی۔ عدالت نے کیس دوبارہ سننے کے بعد گزشتہ روز اپیل پر فیصلہ محفوظ کیا تھا، چیئرمین سینیٹ الیکشن میں پریزائیڈنگ افسر نے یوسف رضا گیلانی کے سات ووٹ مسترد کیے تھے۔

بقیہ 13

رکھنے والے اسلام آباد میں قائم آزاد تھنک ٹینک پاکستان انسٹیٹیوٹ فار کانفلکٹ اینڈ سکیورٹی سٹڈیز کے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق ماہ مارچ میں ملک میں سلامتی کی صورتحال میں واضح کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ تاہم ابھی یہ دیکھنا باقی ہے کہ اضافہ کا یہ رجحان محض عارضی ہے یا آنے والے مہینوں میں اس میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ فار کانفلکٹ اینڈ سکیورٹی سٹڈیز (PICSS) کے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق مارچ کے مہینے کے دوران عسکریت پسندوں کے حملوں کی تعداد میں اضافہ ہوا۔ اس کے ساتھ ہی ہلاکتوں اور زخمیوں کی تعداد میں بالترتیب چار گنا اور نو گنا اضافہ دیکھا گیا۔ مارچ میں عسکریت پسندوں نے 26 حملے کیے جن میں 115 افراد مارے گئے جن میں 31 سکیورٹی فورسز کے اہلکار، 70 شہری اور 14 عسکریت پسند شامل ہیں اور 288 افراد زخمی ہوئے جن میں 63 سکیورٹی فورسز کے اہلکار اور 225 عام شہری شامل ہیں جبکہ عسکریت پسندوں نے فروری 2022 کے مہینے میں ملک بھر میں 13 حملے کیے تھے، جن میں 25 افراد ہلاک اور 30 افراد زخمی ہوئے تھے۔ مارچ 2022 میں سب سے زیادہ حملے بعد خیبر پختونخوا (کے پی) میں ہوئے، اس کے بعد سابقہ فاٹا (کے پی کے قبائلی اضلاع) اور بلوچستان میں حملے ہوئے۔ PICSS نے خیبر پختونخوا (کے پی) میں عسکریت پسندوں کے نو حملے ریکارڈ کیے ہیں جن میں 77 افراد مارے گئے، جن میں سکیورٹی فورسز کے 11 اہلکار، چار عسکریت پسند، اور 62 شہری شامل ہیں، جبکہ 216 افراد زخمی ہوئے، جن میں سکیورٹی فورسز کے 27 اہلکار اور 189 شہری شامل ہیں۔

بقیہ 14

کیلئے درخواستیں زیادہ موصول ہونے کی صورت میں قرعہ اندازی بالترتیب 16 اور 23 مئی، 2022 کو وزارت مذہبی امور میں سرانجام دی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق کورونا وبا سے بچاؤ کی ویکسین مکمل کروانے والے زائرین ہی درخواست دینے کے اہل ہیں۔ وزارت سے جاری بیان کے مطابق زائرین کی عرس پر روانگی دونوں ملکوں میں کورونا وبا کی جاری صورتحال سے مشروط ہوگی اور حکومت پاکستان زائرین کی روانگی سے متعلق حتمی فیصلہ کرے گی۔ عرس سے متعلق دیگر تفصیلات اور ہدایات پر مشتمل درخواست فارم وزارت کی ویب سائٹ اور فیس بک پیج پر دستیاب ہے۔ وزارت پرانے فارم پر کوئی درخواست قبول نہ کرے گی۔ #

بقیہ 15

گیا۔ امریکی سفارتکار کو قومی سلامتی کمیٹی اجلاس کی روشنی میں طلب کیا گیا۔ گذشتہ روز وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت قومی سلامتی کمیٹی کا 37 واں اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں دفاع، توانائی، اطلاعات ونشریات، داخلہ، خزانہ، انسانی حقوق، منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات کے وفاقی وزرا، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی، آرمی چیف سمیت سروسز چیفس، قومی سلامتی کے مشیر اور سینئر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں قومی سلامتی مشیر نے کمیٹی کو خط پر بریفنگ دی تھی، کمیٹی نے خط پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت کو ناقابل برداشت قرار دیا، حکومت نے خط کا بھرپور جواب دینے کا بھی فیصلہ کیا تھا جس پر عملدرآمد کر دیا گیا ہے۔ گذشتہ روز عمران خان نے قوم سے براہ راست خطاب کیا اور اس دوران انہوں نے خارجہ پالیسی پر بات کی۔ وزیراعظم عمران خان نے کہا میں آج آپ کے پاس یہ ساری بات کرنے کے لیے اس لیے آیا ہوں کہ ابھی ہمیں 8 مارچ یا اس سے پہلے 7 مارچ کو ہمیں امریکا نے، امریکا نہیں باہر سے ملک نے، مطلب کسی اور ملک سے پیغام آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں اس لیے پیغام کی بات کر رہا ہوں اور اسی لیے براہ راست کر رہا ہوں، یہ ایک کسی آزاد ملک کے لیے جس طرح کا ہمیں پیغام آیا ہے، یہ ہے تو وزیراعظم کے خلاف لیکن دراصل یہ ہماری قوم کے خلاف ہے۔ دفتر خارجہ نے قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں ہوئے فیصلے کے مطابق سفارتی ذریعے سے باضابطہ مراسلہ دے دیا

بقیہ 16

محمود خان سیکرٹری/رجسٹرار پاکستان انجینئرنگ کونسل، بحریہ یونیورسٹی کے سابق ریکٹرز، موجودہ اور ریٹائرڈ نیول اور سول افسران اور بحریہ سکول آف انجینئرنگ اینڈ اپلائیڈ سائنسز کے ڈین اور فیکلٹی ممبران بھی اس شاندار افتتاحی تقریب میں موجود تھے۔ اپنے افتتاحی خطاب کے دوران ریکٹر بحریہ یونیورسٹی وائس ایڈمرل (ریٹائرڈ) کلیم شوکت ہلال امتیاز (ملٹری) نے شرکاء کو بتایا کہ یہ کیمپس خصوصی طور پر فیکلٹی آف انجینئرنگ اینڈ اپلائیڈ سائنسز کیلئے بنایا گیا ہے۔ 14 ایکٹر رقبے پر محیط یہ وسیع کیمپس دو اکیڈمک بلاکس، گرلز ہاسٹل، 22 لیکچرز ہال، جدید ساز وسامان سے آراستہ 21 لیبارٹریز، فیکلٹی ممبران کے دفاتر اور دو منزلہ مرکزی لائبریری پر مشتمل ہے۔ مزید برآں، اس شاندار کیمپس میں آڈیٹوریم، کانفرنس روم، طلباء سپورٹ سینٹر، ایڈمنسٹریشن دفاتر، طلباء و طالبات کیلئے علیحدہ کامن رومز، فیکلٹی ممبران اور طلباء کیلئے کیفے ٹیریاز، ڈے کیئر سنٹر اور طبی سہولیات بھی موجود ہیں۔ کیمپس میں کھیل سے متعلق سرگرمیوں کیلئے بھی تمام تر سہولیات موجود ہیں۔ ریکٹر بحریہ یونیورسٹی نے نئے کیمپس کیلئے فنڈز کی دستیابی پر حکومت پاکستان اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کا شکریہ ادا کیا۔ چیف آف دی نیول سٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نشان امتیاز (ملٹری) ستارہ بسالت نے سکول آف انجینئرنگ اینڈ اپلائیڈ سائنسز کیلئے الگ کیمپس بنانے پر بحریہ یونیورسٹی کی کاوشوں کو سراہا اور اسے ایک عظیم سنگ میل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس دور کا تقاضا ہے کہ ہم نہ صرف اپنے نوجوانوں کو جدید معلومات سے ہمکنار کریں بلکہ ان میں تعمیری، تجزیاتی اور تنقیدی سوچ کو بھی پروان چڑھائیں۔ انہوں نے کہا ہم تحقیق، ڈگری پروگرامز اور سٹڈی سیشنز سے متعلق چین کی یونیورسٹیز سے بہت کچھ سیکھ سکتے ہیں۔ انہوں نے بحریہ یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبران پر زور دیا کہ وہ طلباء میں اپنی جستجو کو بیدار کریں کہ وہ پاکستان کی ترقی کیلئے اپنی بھرپور صلاحیتوں کا اظہار کریں۔ اس سال بحریہ یونیورسٹی کے تعلیمی سفر کو 22 سال مکمل ہو چکے ہیں۔ بحریہ یونیورسٹی کے اسلام آباد، لاہور اور کراچی کے کثیر المقاصد کیمپسز میں 19 ہزار سے زائد طلباء وطالبات زیر تعلیم ہیں۔ H-11 کیمپس کی تکمیل معیاری تعلیم کی فراہمی میں بحریہ یونیورسٹی کی انتظامیہ اور فیکلٹی ممبران کے عزم اور انتھک کاوشوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

بقیہ 17

کو کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ کوئٹہ اور لسبیلہ میں دوبارہ حلقہ بندیاں کی جائیں گی۔ صوبے میں بلدیاتی انتخابات کے لئے تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا ہے، کاغذات نامزدگی سے متعلق تمام تر شیڈول بھی جلد جاری کیا جائے گا، بلوچستان کے 32 اضلاع میں بلدیاتی انتخابات کے دوران سکیورٹی کے بھی انتظامات سخت کئے جائیں گے۔ بلدیاتی انتخابات کے لئے سیاسی جماعتوں کی جانب سے بھی اپنے اپنے پارٹی امیدواروں کے انتخاب کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے۔

بقیہ 18

قریشی نے وزارت خارجہ کے افسران سے خطاب کرتے ہوئے شاہ محمود قریشی نے بتایا کہ امریکا میں جمہوریت کے عنوان سے مکالمے کا انعقاد کیا گیا، پاکستان سے تین منٹ پر محیط "ریکارڈ ڈ بیان دینے کا کہا گیا، یہ بھی کہا گیا سوال وجواب سیشن میں پاکستان شامل نہیں ہوگا جس پر ہم نے اس مکالمے میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ ہم کشیدگی کے قطعی حامی نہیں، جنگیں، معاشی بحرانوں سمیت ہمہ قسم کے مضمرات کا باعث ہوتی ہیں اور اس کے اثرات پورے خطے اور دنیا پر مرتب ہوتے ہیں، ملک چھوٹے بڑے ہوتے ہیں مگر خود مختاری، سلامتی عزیز ہوتی ہے۔

بقیہ 19

موت کی سزا سنادی، مجرم کو 03 لاکھ روپے ہرجانے، 40 ہزار روپے جرمانے اور 30 ہزار روپے دامان کی سزائیں بھی سنائی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت کے جج مسعود اختر کیانی ASJ نے قتل، اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مجرم رشید عزیز کو قتل کے جرم میں سزائے موت معہ 03 لاکھ روپے ہرجانے، اقدام قتل کے جرم میں 40 ہزار روپے جرمانے اور ضرر کے جرم میں 30 ہزار روپے دامان کی سزا سنادی، مجرم رشید عزیز نے صادق آباد کے علاقہ میں جائیداد کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے محمد شاہد کو قتل جب کہ احتشام الحق کو زخمی کردیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول کے بھائی کی مدعیت میں سال 2021 تھانہ صادق آباد میں درج کیا گیا تھا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن غضنفر علی شاہ کا کہنا تھا کہ مجرم کو گرفتار کرنے کے بعد ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا اور مقدمہ کی موثر پیروی کی، موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی، سی پی او عمر سعید ملک کی ایس ایس پی انوسٹی گیشن غضنفر علی شاہ اور انوسٹی گیشن ونگ کی ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ سنگین مقدمات میں ملوث مجرم کو سزائیں ملنا قانون اور انصاف کی جیت ہے۔

بقیہ 20

نے ٹیلی فون پر گفتگو میں کہا کہ میں پریس کانفرنس میں بیٹھا ہوں، میں ابھی آپ سے بات کرتا ہوں۔ شہباز شریف نے نواز شریف سے کہا کہ اتحادی جماعتوں سے ہم مشاورت کر رہے ہیں۔ اس موقع پر صحافی نے سوال کیا کہ فون لائن پر کون تھے؟ نواز شریف واپسی کیلئے کیا منصوبہ بندی کر رہے ہیں؟ شہباز شریف نے جواب دیا کہ لائن پر کوئی جادوگر تھا نہ کوئی اور تھا، فون پر اللہ کا ایک بندہ تھا، میاں نواز شریف اپنے علاج کے بعد جلد از جلد واپس آئیں گے۔

بقیہ 21

تھے، ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ ملزم کے قبضے سے دھماکا خیز مواد، بال بیئرنگ اور دیگر سامان بھی برآمد کیا گیا۔ ملزم آئی ای ڈی بنانے کا ماہر جبکہ دہشت گردی کی وارداتوں میں ملوث رہا ہے۔

بقیہ 22

کرے گا، جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس عائشہ ملک بنچ کا حصہ ہوں گے۔ عدالت نے اٹارنی جنرل سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر دیا ہے۔ واضح رہے کہ فیصل واوڈا نے تاحیات نااہلی کا الیکشن کمیشن کا فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کر رکھا ہے۔

بقیہ 23

کو ہراساں نہیں کیا جائے گا۔ قائد اعظم یونیورسٹی کے طلبہ کو ہراساں کرنے کے خلاف کیس میں عدالت نے وائس چانسلر قائد اعظم یونیورسٹی کو انکوائری کرنے کا حکم بھی دیا اور ہدایت کی کہ وائس چانسلر آئندہ جمعہ تک انکوائری کر کے رپورٹ جمع کرائیں۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ وفاقی حکومت ہدایات جاری کرے کہ پاکستان بھر میں بلوچ طلبہ کو ہراساں نا کیا جائے اور یونیورسٹی چانسلر بھی یقینی بنائیں۔ ایمان مزاری کی وکیل ڈپٹی اٹارنی جنرل زینب جنجوعہ ایڈووکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ گزشتہ روز وزیر داخلہ سے ملاقات کرائی گئی لیکن وزیر داخلہ سے میٹنگ نتیجہ خیز نہیں رہی۔ زینب جنجوعہ ایڈووکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ کل وزیر داخلہ نے کہا کہ میں کچھ نہیں کر سکتا ایک دن کا مہمان ہوں، قائد اعظم یونیورسٹی وائس چانسلر کو سٹوڈنٹس نے لکھا لیکن ان پر کوئی اثر نہیں ہوا۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ قائد اعظم کے چانسلر سے امید ہے کہ بلوچ طلبہ کی شکایات کا ازالہ کریں گے، کیس کی مزید سماعت آئندہ جمعہ تک ملتوی کر دی گئی۔

بقیہ 24

ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک کے خلاف سازش ہو رہی ہے جبکہ خط سامنے آیا تو عمران خان کو فائدہ اور ملک کو نقصان ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز پارلیمانی پارٹی اجلاس میں تمام جماعتوں کے رہنماؤں کو بلایا گیا اور پارلیمانی پارٹی اجلاس میں اپوزیشن والے نہیں آئے کیونکہ ان کو خود پر شک تھا۔ فیصل جاوید نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان استعفیٰ نہیں دیں گے اور عمران خان ملکی خود مختاری اور خودداری پر سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ منحرف اراکین کے لیے واپسی کے دروازے کھلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اتحادی جماعت ایم کیو ایم پاکستان اب کراچی میں کبھی نہیں جیت سکے گی لیکن اگر ایم کیو ایم واپس آئی تو ساری زندگی کامیاب رہے گی۔

بقیہ 25

میں مدثر نارو بازیابی کیس کی سماعت ہوئی جس سلسلے میں ایڈیشنل اٹارنی جنرل اور عدالتی معاون عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت چیف جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیے کہ آئین کے تحت چلنے والے ملک میں جبری گمشدگیاں ناقابل قبول ہیں، کیا مدثر نارو کو تلاش نہ کر پانا ریاستی اداروں کی ناکامی ہے؟ وفاقی حکومت اور صوبائی حکومتوں نے یہ سب دیکھنا تھا نہ، کیا ان کی مرضی کے بغیر کسی کو لاپتا کیا جا سکتا ہے؟ نہیں کیا جاسکتا۔ جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ لوگوں کا مسنگ ہو جانا ریاست کی نااہلی ہے، پھر وہ ٹریس بھی نہیں ہو پاتے، جبری گمشدگی دہشت گردی کی دفعات لگتی ہیں، اگر ریاستی ادارے ایگزیکٹو کے کنٹرول میں نہیں تو ایگزیکٹو ذمہ دار ہے، کیوں نہ چیف ایگزیکٹو کو ذمہ دار ٹھہرائیں؟ چیف جسٹس نے مزید کہا کہ جبری گمشدگی بغاوت ہے، اس پر بغاوت کا مقدمہ بنتا ہے۔

بقیہ 26

پاکستان کی سیاست میں آنے والا دن بہت اہم ہے، دنیا میں پاکستان جغرافیائی اعتبار سے اہم خطہ میں واقع ہے۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر شیخ رشید احمد نے جمعہ کو راولپنڈی کے وقار النساء کالج کو یونیورسٹی کا درجہ ملنے پر منعقد ہونے والی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری شیخ راشد شفیق، ڈائریکٹر کالجز شیرستی، انتظامیہ، فیکلٹی ممبران کے علاوہ طالبات کی بڑی تعداد موجود تھی۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ وقار النساء کالج کو یونیورسٹی کا درجہ دینے پر وزیراعظم عمران خان، وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار اور گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور کا شکر گزار ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ قانونی پیچیدگیوں کی وجہ وقار النساء کالج کو یونیورسٹی کا درجہ دینے میں تاخیر ہوئی اور اسی یونیورسٹی میں راولپنڈی کی غریب پڑھی لکھی 264 بچیوں کو میرٹ پر ملازمتیں دی جائیں گی اور اب راولپنڈی پاکستان کا وہ واحد شہر ہے جہاں صرف خواتین کی چار یونیورسٹیز ہوں گی۔ تعلیمی میدان میں راولپنڈی شہر کا پاکستان میں پہلا نمبر ہے اور اسی شہر سے رکشہ ڈرائیور کی بیٹی نے سی ایس ایس میں ٹاپ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی شہر میں ہم نے کسی بدمعاش کو نہ سر اٹھانے دیا اور نہ ہی کسی کی زمین پر قبضہ ہونے دیا کیونکہ اس شہر کی ماں اور بیٹی پڑھی لکھی اور ہم نے ایسا تعلیمی نظام بنایا ہے کہ راولپنڈی کی ہر ڈھوک میں سکول اور کالج بنائے ہیں تاکہ بچیاں اپنے گھر سے نکلیں تو انہیں کسی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے بتایا کہ کالج کی اراضی قبضہ مافیا سے واگزار کروا کے وہاں پوسٹ گریجویٹ کالج کی تعمیر کے لیے 34 کروڑ 66 لاکھ روپے کی منظوری دلوائی۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ میں پچھلے ہفتے سیاست سے ریٹائرڈ ہونے والا تھا مگر میرا ضمیر اس بات کی اجازت نہیں دے رہا تھا کہ عمران خان کو مشکل وقت میں چھوڑوں اسی لیے جب تک عمران خان کھیلے گا میں اس کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑا رہوں گا اور راولپنڈی کا بچہ بچہ عمران خان کے ساتھ ہے کیونکہ وہ کسی لٹیرے یا غدار کو پسند نہیں کرتے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ ملک میں مہنگائی ہے، بجلی گیس اور پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ ہوا مگر اس کے باوجود پاکستان کے عوام وزیراعظم عمران خان کے ساتھ ہیں اور ملک سے پیسہ اکٹھا کر کے بیرونی ممالک میں اپنے محل بنانے والے عمران خان کے خلاف اکٹھے ہو گئے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں شیخ رشید احمد نے کہا کہ پشاور دھماکہ میں 70 افراد کو شہید کرنے والے تمام دہشتگرد اپنے انجام کو پہنچ چکے ہیں۔

بقیہ 27

عام انتخابات کی طرح بلدیاتی انتخابات میں بھی گہری دلچسپی کا اظہار کیا، بلدیاتی انتخابات مکمل ہونے سے عوام کیلئے نچلی سطح پر آسانیاں پیدا ہو گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے مسائل اب یونین کونسل سطح پر باآسانی حل ہوں گے، امید کرتا ہوں نو منتخب بلدیاتی نمائندے عوامی مسائل کے حل میں بہترین کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 28

حنا ربانی کھر نے کہا کہ کسی ملک کو پیغام دینے کے لیے ہر قسم کی سفارتی زبان استعمال کی جاتی ہے، کبھی کبھی بہت سخت زبان بھی استعمال ہو جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر آپ کو کسی چیز پر اعتراض ہوتا بھی ہے تو اسے سفارتی ذرائع سے اٹھایا جاتا ہے، اسے عوامی جلسوں میں نہیں دہرایا جاتا۔ سابق وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ کبھی کسی اور حکومت نے سفارت کاری کے معاملے پر اتنی بڑی سیاست نہیں کھیلی۔

بقیہ 29

حملے کا منصوبہ سامنے آیا ہے۔ وزیر اطلاعات فواد چوہدری کی جانب سے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں وزیراعظم عمران خان کی سکیورٹی سے متعلق آگاہ کیا ہے۔ فواد چوہدری نے ٹوئٹر پر بتایا کہ سکیورٹی ایجنسیوں نے رپورٹ کیا ہے کہ وزیراعظم عمران خان پر حملے کا منصوبہ سامنے آیا ہے، ایجنسیوں کی رپورٹس کے بعد حکومتی فیصلے کے مطابق وزیراعظم کی سکیورٹی میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ دو روز قبل پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فیصل واوڈا نے بھی دعویٰ کیا تھا کہ وزیراعظم عمران خان کی جان کو خطرہ ہے، ان کے قتل کی منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔ اپوزیشن کی جانب سے وزیراعظم عمران خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد پر ووٹنگ کے لیے قومی اسمبلی کا اجلاس 3 اپریل تک ملتوی کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 30

کہ وزیراعظم نے اعلان کیا ہے کہ تحریک عدم اعتماد کے دن پی ٹی آئی کے ایک لاکھ سپورٹر پہنچیں گے اس لئے اپوزیشن ارکان کی سکیورٹی بڑھائی جائے۔ خط میں مزید کہا گیا کہ اپوزیشن ارکان کی سکیورٹی یقینی بنانے کے لئے ضلعی انتظامیہ اور پولیس آئین اور قانون کے مطابق فرائض انجام دے۔ شہباز شریف نے نئے وزیراعظم کے انتخاب کے دن بھی فول پروف سکیورٹی دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ خط کی کاپی کمشنر اسلام آباد، ڈی سی اور آئی جی کو بھی ارسال کی گئی۔

بقیہ 31

قرارداد ایوان میں ہی لا سکتے ہیں۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ صادق سنجرانی ہی چیئرمین سینیٹ رہیں گے۔ واضح رہے کہ چیئرمین سینیٹ کے الیکشن میں پریزائیڈنگ افسر نے یوسف رضا گیلانی کے 7 ووٹ مسترد کیے تھے جس پر انہوں نے چیئرمین سینیٹ کا الیکشن چیلنج کیا تھا۔ گیلانی کی انٹرا کورٹ اپیل پر پہلے 22 دسمبر 2021 کو فیصلہ محفوظ کیا گیا تھا جب کہ عدالت نے کچھ پہلوؤں پر مزید معاونت کیلئے کیس دوبارہ سماعت کیلئے مقرر کیا تھا اور کیس دوبارہ سننے کے بعد گزشتہ روز اپیل پر فیصلہ محفوظ کیا گیا تھا۔

بقیہ 32

جس میں انہوں نے قریبی ساتھیوں سے ملکی سیاسی صورتحال پر مشاورت کی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے بعض رہنماؤں کو اسلام آباد نہ چھوڑنے کی ہدایت کی اور تا الحال اسلام آباد میں رہنے کا کہا ہے۔ خیال رہے کہ وزیراعظم عمران خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد پر اتوار کو ووٹنگ ہوگی۔

بقیہ 33

روپے کی لاگت سے 47 میگا پراجیکٹس بارے بریف کیا گیا۔ ملاقات اور بریفنگ میں صوبائی وزرا محسن لغاری، میاں اسلم اقبال، آصفہ ریاض، جہانزیب کھچی، شوکت لالیکا، اراکین اسمبلی تیمور لالی، سلیم بی بی، میاں جلیل احمد شرقپوری، عمر فاروق، رانا شہباز احمد، سعید احمد سعیدی، سونیا علی رضا، کرنل (ر) غضنفر عباس شاہ، رائے ظہور احمد، چوہدری افتخار گوندل، احمد چٹھہ، ترجمان پنجاب حکومت حسان خاور اور دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری، چیئرمین منصوبہ بندی و ترقیات، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، متعلقہ سیکرٹریز اور اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ اس موقع پر عثمان بزدار کا کہنا تھا کہ پنجاب میں اربوں روپے کے منصوبوں کا فائدہ عوام کو پہنچے گا، سڑکوں، اریگیشن، بہاولپور سیکرٹریٹ، فلائی اوور، انڈر پاس، ہسپتالوں اور یونیورسٹیوں کے نئے پراجیکٹس شروع کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیچہ وطنی تا لیہ، چراغ آباد (M-4) انٹر چینج جھنگ تا شور کوٹ، دیپالپور سے پاکستان تا وہاڑی، حاصل پور تا بہاولنگر کی بحالی و تعمیر پر 115 ارب خرچ کئے جائیں گے، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت وہاڑی ملتان دو رویہ اور فیصل آباد چنیوٹ سرگودھا سڑک کی بحالی و تعمیر پر 35 ارب روپے لاگت آئے گی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ یونیورسٹی آف تونسہ ڈی جی خان کی تعمیر پر 2 ارب روپے لاگت آئے گی، راولپنڈی میں وقار النساء ویمن یونیورسٹی، انڈس یونیورسٹی راجن پور اور ایمرسن یونیورسٹی ملتان کے منصوبے منظور ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کالج فیکلٹی سنٹر ڈویلپمنٹ، میاں چنوں ستی بائی پاس، تھالی چوک رحیم یار خان تا اقبال آباد N5 دو رویہ سڑک، دائرہ دین پناہ روڈ تا ہیڈ تونسہ سڑک کی تعمیر کا آغاز کیا جا رہا ہے، علی پور تا سید پور، ساہیوال، شاہ پور سرگودھا، سرگودھا تا مخدوم M2 انٹر چینج اور ڈھوکل موڑ تا سوہدرہ وزیر آباد بائی پاس کے منصوبوں پر کام شروع کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 34

نے کہا اس سب کی ذمہ داری میں کسی اور پر نہیں ڈالتا، جن لوگوں نے اچکنیں سلوائی ہیں وہ کل بیان دے رہے تھے کہ امریکا کو ناراض نہیں کرنا چاہیے، امریکا کے بغیر ہمارا گزارا نہیں ہو سکتا، ان لوگوں کی وجہ سے آج ہم یہاں پہنچے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کو مدینے کی ریاست کے نظریے کی سمجھ نہیں آرہی، مدینہ کی ریاست کی بات کرتا ہوں تو لوگ سمجھتے ہیں کہ ووٹ لینے کے لیے اور سیاست کے لیے ریاست مدینہ کا نام لیتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں سکیورٹی تب آتی ہے جب ہر شہری ذمہ داری لیتا ہے، سکیورٹی فوج نہیں عوام دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی ملک میں عدم تحفظ کا احساس سب سے زیادہ تب ہوتا ہے جب ملک میں امیر غریب کا فرق موجود ہو، مساوی قانون کے بغیر کوئی ملک ترقی نہیں کر سکتا، یہی ریاست مدینہ کا تصور تھا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں سکیورٹی تب آتی ہے جب ہر شہری ذمہ داری لیتا ہے، سکیورٹی فوج نہیں عوام دیتی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہمارے ملک میں عدم تحفظ کا سب سے بڑا مسئلہ غیر مساوی ترقی کے سبب ہے، ہمارے امیر غریب کے درمیان فاصلے بڑھتے رہے اور ایلیٹ کلاس نے ملک کے وسائل پر قبضہ کر لیا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کی تاریخ پر نظر ڈالیں تو باہر سے حملہ آور آتے تھے اور قبضہ کر لیتے تھے، لوگ کوئی مزاحمت اس لیے نہیں کر پاتے تھے کیونکہ ان کو کوئی حق ہی حاصل نہیں تھا اور محض اوپر بیٹھنے والے ہی فیصلے کرتے رہتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ میں اقوام متحدہ سیکرٹری جنرل کی رپورٹ کا بار بار حوالہ دیتا ہوں کہ ہر سال 1.6 ٹریلین ڈالرز غریب ملکوں سے امیر ملکوں میں جاتا ہے، اس کی وجہ بھی ان ممالک میں قانون کی حکمرانی نہ ہونا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خودداری اور آزاد خارجہ پالیسی ملک کیلئے بہت ضروری ہے، پاکستان کے آگے نہ بڑھنے کی ایک وجہ دیگر ممالک پر انحصار کرنا بھی ہے، ملک کا انحصار بیرونی امداد پر ہو تو قوم بن ہی نہیں سکتی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے کبھی یہ جائزہ نہیں لیا کہ افغان جہاد میں حصہ لے کر ہم نے کیا کھویا کیا پایا، کیا ہم نے افغان جہاد میں افغان عوام کی مدد کیلئے شرکت کی یا ڈالرز کیلئے کی تھی؟ کرپشن، کلاشنکوف، ڈرگز جیسے مسائل اس فیصلے کے ہی کے اثرات تھے، نائن الیون کے بعد ہم نے پھر یہ غلطی دہرائی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، بنگلہ دیش، ویت نام، کمبوڈیا جیسے ممالک ہم سے آگے نکل گئے، ہم اس لیے پیچھے رہ گئے کیونکہ ہم نے لوگوں کی بہتری کی بجائے بیرونی امداد کے لیے فیصلے کیے، کسی اور ملک کے مفادات کیلئے ہم نے اپنے ملک کو قربان کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ جس ملک کی آزاد خارجہ پالیسی نہ ہو وہ کبھی اپنے لوگوں کی حفاظت نہیں کر سکتا اور نہ دنیا میں اس ملک کی عزت ہوتی ہے، ہم نے اپنے ساڑھے 3 سالہ دور حکومت میں پوری کوشش کی کہ ملک کی آزاد خارجہ پالیسی ہو، کسی بلاک کا حصہ بننے سے بھی ہم دور رہے۔

بقیہ 35

ماہر قانون مصور عباسی ایڈووکیٹ کے بیٹوں حافظ زمر عباسی اور حافظ صیام عباسی کے حفظ قرآن کریم کی تکمیل کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر جامع مسجد محمدی شہزاد ٹاؤن اسلام آباد سے حفظ قرآن کریم مکمل کرنے والے دیگر 27 خوش نصیب بچوں کی دستار بندی بھی کی گئی، تقریب سے وفاق المدارس کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا قاضی عبدالرشید، جمعیت علمائے اسلام ضلع اسلام آباد کے امیر مولانا عبدالمجید ہزاروی، مولانا ظہور احمد علوی، مولانا عبدالقدوس محمدی، مولانا قاری سیف اللہ سیفی، سردار سلیم، پی ایف یو جے کے سابق صدر افضل بٹ، نیشنل پریس کلب کے جنرل سیکرٹری خلیل راجہ، تاجر رہنما اجمل بلوچ، اسامہ اشفاق عباسی، شفقت عباسی، کاشف چوہدری، وقار حنیف ایڈووکیٹ سمیت مختلف شعبہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے حضرات نے شرکت کی اور خطاب کیا، علمائے کرام نے کہا کہ اپنی نئی نسل کو جدید ٹیکنالوجی اور سائنس کے ساتھ ساتھ دینی علوم سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، قرآنی علوم کا پرچار کر کے ہی لادینی اور معاشرتی اقدار کے انحطاط کا راستہ روکا جا سکتا ہے، انہوں نے کہا کہ خوش نصیب ہیں وہ والدین جو اپنے بچوں کو مادیت کے اس دور میں بھی دینی علوم کے حصول کے لیے وقف کرتے ہیں، اس موقع پر تقریب کے میزبان مصور عباسی ایڈووکیٹ کی سماجی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا گیا، تقریب میں مولانا عبدالکریم، مولانا ہارون الرشید، مولانا قاسم شاہ، مولانا زبیر زرین، مولانا عبدالظاہر فاروقی، مولانا مفتی محمد عمر، مفتی دوست محمد، ندیم اخلاص عباسی، معین عباسی، حماد عباسی، عاشق عباسی، مولانا ابوبکر صابری، ملک ظہیر، کامران عباسی، رانا اکرم، چوہدری فیاض، چوہدری سہیل، مولانا ذکریا (برطانیہ) پیر شفیق الرحمان، زاہد منان، قاری وسیم عباسی اور دیگر نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 36

ہے کہ فروری کے مقابلے میں مارچ میں مہنگائی میں 0.8 فیصد اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق دیہی علاقوں میں مہنگائی میں 1 فیصد اضافہ ہوا جبکہ شہری علاقوں میں مہنگائی 0.7 فیصد بڑھی۔ ادارہ شماریات کے مطابق مارچ 2022 میں مہنگائی کی شرح 12.7 فیصد رہی جبکہ دیہی علاقوں میں مہنگائی 13.9 فیصد پر پہنچ گئی، جاری اعداد وشمار کے مطابق مارچ میں شہری علاقوں میں مہنگائی کی شرح 11.9 فیصد رہی۔ ادارہ شماریات کے مطابق مارچ میں سالانہ بنیادوں پر ٹماٹر 148.65 فیصد مہنگے ہوئے جبکہ کوکنگ آئل 48.05 فیصد اور گھی 49.56 فیصد مہنگا ہوا، سالانہ بنیاد پر دال مسور 38.32، سبزیاں 34.92 اور پھل 32 فیصد مہنگے ہوئے۔ مارچ میں سالانہ بنیاد پر سرسوں کا تیل 59.91، گوشت 23.68 اور چکن 19.59 فیصد مہنگا ہوا جبکہ موٹر فیول 36.98 فیصد، زندہ مرغی 33.63 فیصد اور فروٹ 15.17 فیصد مہنگا ہوا۔ اس کے علاوہ مارچ میں ماہانہ بنیادوں پر پیاز 7.01، دودھ 1.52، بیسن 0.91 فیصد، چائے 1.92 فیصد مہنگی ہوئی۔

بقیہ 37

اور 15 سال سے اوپر ویکسی نیٹڈ مسافر اندرون ملک فضائی سفر کرسکیں گے جبکہ 12 سال سے کم عمر مسافر بغیر ویکسین سرٹیفکیٹ سفر کرسکیں گے۔

بقیہ 38

بار پھر قوم سے خطاب میں واضح کر دیا ہے کہ وہ اپنے عہدے سے استعفیٰ نہیں دیں گے اور آخری گیند تک کھیلیں گے، یعنی تحریک عدم اعتماد پر ووٹنگ پکی ہے۔ تحریک عدم اعتماد پر ووٹنگ کے نتیجے سے تو ہم 3 اپریل کو آگاہ ہو ہی جائیں گے۔ آئین پاکستان کے تحت کسی بھی وزیراعظم کیخلاف تحریک عدم اعتماد کی کامیابی کیلئے موجودہ اسمبلی کی کل تعداد کی سادہ اکثریت کی حمایت درکار ہوتی ہے، موجودہ حکومت جب قائم ہوئی تو ایوان زیریں میں مجموعی ارکان کی تعداد 342 تھی تاہم تحریک انصاف کے ایک رکن قومی اسمبلی خیال زمان خان انتقال کر گئے اور اب ایوان 341 ارکان پر مشتمل ہے، آئین کے تحت تحریک عدم اعتماد پیش کرنے والوں کی یہ ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ سادہ اکثریت ثابت کریں لہٰذا ووٹنگ والے دن اپوزیشن کو تحریک عدم اعتماد میں کامیابی کیلئے 172 ارکان کی حمایت درکار ہوگی۔ کہا جاتا ہے کہ تحریک عدم اعتماد ناکام ہونے کے بعد اگلے چھ ماہ تک دوبارہ کوئی عدم اعتماد کی تحریک نہیں لائی جاسکتی البتہ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف لیجسلیٹو ڈویلپمنٹ اینڈ ٹرانسپرنسی (پلڈاٹ) کے سربراہ احمد بلال محبوب نے بتایا کہ آئین میں ایسی کوئی قدغن نہیں کہ 6 ماہ تک دوبارہ تحریک عدم اعتماد پیش نہیں ہو سکتی۔ انہوں نے بتایا کہ عملی طور پر بہر حال ایک تحریک عدم اعتماد ناکام ہونے کے بعد فوری طور پر دوسری تحریک کا آنا ممکن نہیں ہوتا اور اس میں وقت درکار ہوتا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیراعظم عمران خان کیخلاف تحریک عدم اعتماد کامیاب ہوگئی تو انہیں فوری طور پر عہدے سے سبکدوش تصور کیا جائے گا کیوں کہ آئین میں لکھا ہے کہ اگر عدم اعتماد کی قرارداد قومی اسمبلی کی مجموعی رکنیت کی اکثریت سے منظور کرلیا جائے تو وزیراعظم عہدے پر فائز نہیں رہے گا، یہاں یہ بات ذہن میں رہے کہ وزیراعظم صرف عہدے سے فارغ ہوں گے رکن قومی اسمبلی برقرار رہیں گے، وفاقی کابینہ بھی تحلیل ہو جائے گی، اس کے ساتھ ساتھ وزیراعظم عمران کی کابینہ بھی تحلیل ہو جائے گی البتہ اسپیکر اپنے عہدے پر برقرار رہیں گے۔

بقیہ 39

کہ اتوار تک ہماری حکمت عملی مربوط ہے، سمجھ آتی ہے کہ بیرون طاقت کہتی ہے عمران خان کی خارجہ پالیسی آزاد ہے، دوسرا کہتے ہیں کہ تحریک عدم اعتماد ناکام ہوتی تو برا ہے۔ اسد عمر نے کہا کہ کراچی جائیں گے اور آصف زرداری کا کلپ چلائیں گے، آصف زرداری نے کہا تھا کہ مہاجر بھگوڑے ہیں اور بھاگ کر آئے تھے، اس کے بعد قومی اسمبلی میں جو میرا جواب تھا وہ چلائیں گے، پھر ہم بتائیں گے، شیشہ نہیں فولاد ہیں ہم، مہاجر کی اولاد ہیں ہم، پھر ہم الیکشن لڑیں گے، دیکھیں گے کون آتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تحریک انصاف کے دور میں روزگار کے مواقع میں اضافہ ہوا اور تین سال میں 11 لاکھ افراد کو بیرون ملک بھی ملازمت ملی، 5 سال میں ایک کروڑ روزگار دینے کا اعلان کیا تھا، اس پر ہمارا مذاق اڑایا تھا لیکن اگر پالیسیاں ایسی ہی چلتی رہیں، مجھے یقین ہے ایک کروڑ نوکریوں کے قریب پہنچ جائیں گے۔

بقیہ 40

سیکریٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ معزز اسپیکر، قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران علی وزیر کی موجودگی کو ضروری سمجھتے ہیں

بقیہ 41

اسلام آباد محمد احسن یونس نے روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کے انعقاد کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے سنٹرل پولیس آفس میں شہریوں اور پولیس ملازمین کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لئے موقع پر ہی ہدایات جاری کیں، انہوں نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کا بروقت اور میرٹ پر ازالہ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں، اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لئے پرعزم ہے، انہوں نے افسران کو بذریعہ ٹیلی فون ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مقدمات کے اندراج میں تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، غفلت لاپرواہی کے مرتکب افسران کے سخت محکمانہ کارروائی کی جائے گی، آئی جی اسلام آباد نے شہریوں کی شکایات پر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مقرر کردہ ٹائم فریم میں درخواستوں کو میرٹ پر حل کر کے رپورٹ سنٹرل پولیس آفس بھجوائیں، آئی جی اسلام آباد نے تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات دیں کہ وہ اپنے دفاتر میں مقررہ کئے گئے ٹائم کی پابندی کریں اور شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں، اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی سہولیات کے لئے مختلف اقدامات اٹھا رہی ہے، کھلی کچہری کے روزانہ کی بنیاد پر انعقاد سے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے میں مدد مل رہی ہے، آئی جی اسلام آباد نے تمام زونل افسران اور ایس ایچ اوز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے دفاتر میں مقرر کردہ ٹائم پر شہریوں سے ملاقات کریں اور ان کے مسائل کو بروقت اور میرٹ پر حل کریں۔

بقیہ 42

گمشدہ رقم واپس کرنے کا حکم دیا ہے، صدر نے 29 مارچ کو گورنر ہاؤس کراچی میں دونوں مقدمات کی سماعت کی۔ انہوں نے بینک صارفین کی شکایات کے ازالے میں لاپرواہی پر کمرشل بینکوں کی سرزنش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایک ابھرتی ہوئی قوم ہے اور وہ اپنے اداروں کا قیمتی وقت ضائع کرنے کے متحمل نہیں ہوسکتی، بینک صارفین کو ڈیجیٹل سروسز، الیکٹرانک فنڈز ٹرانسفر کی سہولت بارے آگاہی دیں، بینک انٹرنیٹ بینکنگ کی سکیورٹی، اے ٹی ایم پر سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب یقینی بنائیں۔ ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ بینک اپنے صارفین کو طویل قانونی طریقہ کار میں نہ گھسیٹیں بلکہ ان کی زندگی کو آسان بنائیں، حیرت ہے کہ معمول کے معاملات کو فضول حد تک طول دیا گیا، 5 ہزار روپے کے معاملات برسوں لٹکائے گئے، بینکوں نے ہمدردی کی بنیاد پر تصفیہ نہیں کیا۔ صدر مملکت نے بینکوں کے نمائندوں کے دلائل پر عدم اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ بینکنگ محتسب کا فیصلہ رد کرنے کیلئے متعلقہ بینکوں کی جانب سے کوئی جواز فراہم نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بینک دونوں معاملات کو ہمدردی کی بنیاد پر حل کرسکتے تھے، بینکوں نے غریب آدمیوں کو 2 سال تک قلیل رقم پر طویل قانونی چارہ جوئی میں گھسیٹا، افسوس ہے کہ معمول کے معاملات کو فضول حد تک لے جایا گیا۔

بقیہ 43

اس سلسلے میں پہلا افتتاحی اجلاس قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) میں منعقد ہوا۔ واضح رہے کہ مارچ 2020 میں جب مہلک وائرس عالمی سطح پر پھیلنا شروع ہوگیا تھا تو نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سنٹر (این سی او سی) کو ایک مرکز کے طور پر قائم کیا گیا تھا تاکہ کووڈ 19 کے خلاف متحد قومی کوششوں کو ہم آہنگ کیا جا سکے اور قومی رابطہ کمیٹی کے فیصلوں پر عملدرآمد کیا جا سکے۔ این آئی ایچ صحت عامہ کی اہمیت اجاگر کرنے اور وبائی امراض کی روک تھام کے مربوط رسپانس کے لئے صحت کے قومی اور صوبائی محکموں کے لئے انتباہات جاری کرتا ہے۔ اسی طرح انٹرنیشنل ہیلتھ ریگولیشنز یعنی آئی۔ ایچ۔ آر۔ کے فوکل پوائنٹ کے طور پر بھی ذمہ داریاں ادا کر رہا ہے۔ قومی ادارہ صحت، فیلڈ ایپیڈیمالوجی میں 2 سالہ تربیتی پروگرام کے ذریعے صحت عامہ سے وابستہ افراد کی استعداد کار میں اضافے کے لیے وفاقی، صوبائی اور علاقائی صحت کے محکموں کے ساتھ بھی تعاون کرتا ہے۔ این آئی ایچ کووڈ وبائی مرض کے شروع ہونے کے بعد سے رسپانس کے تمام تکنیکی شعبوں بشمول بیماری کی تشخیص، جینومکس، سرویلنس، انفیکشن کی روک تھام اور کنٹرول (آئی پی سی)، پوائنٹس آف انٹری (پی او ای)، ویکسین ٹرائل اور ویکسین پروڈکشن میں این سی او سی کی سپورٹ میں سرگرم عمل رہا ہے۔ آپریشنز اور افعال کی ہموار منتقلی کو یقینی بنانے کیلئے این سی او سی اور این آئی ایچ پچھلے دو مہینوں سے مسلسل کام کر رہے ہیں۔ این سی او سی کی منتقلی/اسکیل کرنے کا مطلب کسی بھی طرح سے یہ نہیں ہے کہ وبا ختم ہو گئی ہے۔ این آئی ایچ صورتحال کی نگرانی جاری رکھے گا اور سفارشات اور رسپانس کی سرگرمیوں کو جیسا کہ قابل اطلاق ہوگا اپ ڈیٹ کرتا رہے گا۔ اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ وبائی صورتحال پر قابو پایا جائے، کووڈ۔19 کی ویکسینیشن لازمی رہے گی اور ویکسین کروانے کی شرائط نافذ رہیں گی۔ عوام کو کووڈ۔19 کے خلاف معیاری احتیاطی تدابیر کو جاری رکھنے اور لاگو کرنے کی ضرورت برقرار ہے۔

بقیہ 44

ہے، تھانے میں آنے والے شہریوں کیساتھ خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، شہریوں کو درپیش مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کیے جائیں۔

بقیہ 45

کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، ترنول پولیس نے دو منشیات فروشوں اشرف خان اور عابد حسین سے 1850 گرام چرس اور ملزم عبدالصمد سے 30 بور پسٹل، گولڑہ پولیس نے منشیات فروش عبداللہ سے 230 گرام، شالیمار پولیس نے منشیات فروش ملک زاہد سے 1045 گرام چرس اور 15 بوتلیں شراب برآمد کرلی

بقیہ 46

عوام کو ٹرک کی بتی کے پیچھے لگانا ہے جو خطرناک ہے، وزیراعظم کی حیثیت سے ایسا کام کرنا ملک کو ناقابل تلافی نقصان پہنچانے کے مترادف ہے، کیا ہمیں پہلے سے پتا تھا آپ نے روس جانا تھا اور روس نے جنگ کرنی تھی؟ جب ہماری عدم اعتماد کی تحریک کامیاب ہو جائے گی تو میرا اور آپ کا جھگڑا ختم، اتوار کو ووٹنگ ہے، امید رکھتے ہیں اس وقت تک کوئی غیر جمہوری قدم نہیں اٹھایا جائیگا۔ جمعہ کو پریس کانفرنس کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان نے قوم سے خطاب کیا تاہم اس میں انہوں نے ملک کے ایک لیڈر کی حیثیت سے جو فرائض ہوتے ہیں، ان میں سے ایک بھی ایسا نہیں تھا جو وزیراعظم نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان میں معاشی بحران ہے جو بدتر ہوتا جا رہا ہے، معاشرے میں افراتفری شاید ایک تاریخی سطح پر پہنچ چکی ہے، کوئی علاقہ یا کوئی جگہ ایسی نہیں ہے جہاں اس کے اثرات نہ پڑے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ملک اور عوام کے مفاد کی نظر سے اگر پاکستان کی خارجہ پالیسی دیکھیں تو پاکستان جس سطح پر دنیا بھر میں تنہا ہو گیا ہے وہ سب کے سامنے ہے۔

بقیہ 47

جائیں ملک لوٹنے والوں کا پیچھا نہیں چھوڑے گے ہمارا جینا مرنا عمران خان کے ساتھ ہے ان کی ہر ہر کال پر لبیک کہیں گے

بقیہ 48

250 عدد برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا، ایس پی صدر احمد زنیر چیمہ نے ایس ایچ او جاتلی اور پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ ہوائی فائرنگ اور آتش بازی کے ذریعے شہریوں کی جان و مال کو خطرے میں ڈالنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہے۔

بقیہ 49

، ہر گیند تک لڑوں گا، اتوار کو بہت انجوائے کریں گے، تحریک عدم اعتماد ایک بہت بڑی بین الاقوامی سازش ہے، میری زندگی کو بالکل خطرہ ہے، اپوزیشن کی جانب سے کردار کشی کے حوالے سے کوئی آڈیو ٹیپ نکالی جا سکتی ہے۔ عمران خان نے کہا کہ اپوزیشن کی جانب سے میری کردار کشی بھی کی جا سکتی ہے، اپوزیشن کا ایک ماضی ہے جبر کی بھی مختلف ٹیپ نکالتے رہتے ہیں، نیب ایک آزاد ادارہ ہے، عدالتیں آزاد ہیں، خیبر پختونخوا کی عوام نے تحریک انصاف پر اعتماد کیا انہوں نے کہا کہ او آئی سی کانفرنس کی وجہ سے دھمکی آمیز پیغام ہولڈ رکھا۔

بقیہ 50

پر جوہر آباد کے قریب تیز رفتار بس سیوک کراس کرتے راہ گیر قائم دین کا مذہبی کارکن غلام رسول قریشی جان بحق ہو گیا، سرگودھا خوشاب روڈ پر شاہ زور کی چنگ چی رکشہ کو ٹکر سے اس میں سوار 3 خواتین 60 سالہ بانو بی بی، 20 سالہ فرزانہ بی بی اور رخسانہ بی بی زخمی ہو گئے اس حادثات کے متوفین اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر کے متوفین کی نعشیں ضروری کاروائی کے بعد ورثاء کے سپرد کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ان حادثات کے متوفین بہن بھائی اور مذہبی کارکنان کو آبائی قبرستانوں میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

بقیہ 51

جنرل قمر جاوید باجوہ سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، افغانستان سمیت علاقائی سلامتی کی صورتحال اور مختلف شعبوں میں دو طرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آرمی چیف نے افغانستان میں ممکنہ انسانی بحران کو روکنے کیلئے عالمی برادری پر مخلصانہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا، جنرل قمر جاوید باجوہ نے اسلام آباد سکیورٹی ڈائیلاگ میں شرکت پر زلمے خلیل زاد کا شکریہ ادا کیا، زلمے خلیل زاد نے علاقائی استحکام کیلئے پاکستان کے کردار اور کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے پاکستان کے ساتھ ہر سطح پر سفارتی تعاون مزید بہتری کے لئے اپنا کردار ادا کرنے کا عہد کیا۔ انہوں نے اسلام آباد سکیورٹی ڈائیلاگ میں شرکت کا موقع ملنے پر بھی شکریہ ادا کیا۔

اسٹیبلشمنٹ نے تین آفرز دی تھیں

عدم اعتماد، استعفیٰ یا نئے انتخاب وزیراعظم

جن لوگوں نے اچکنیں سلوالی ہیں وہ بیان دے رہے تھے امریکا کو ناراض نہیں کرنا چاہیے، ساڑھے 3 سالوں میں عالمی سطح پر پاکستان کو جو عزت ملی اس کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی، خودداری اور آزاد خارجہ پالیسی ملک کیلئے بہت ضروری ہے، عمران خان کا خطاب

اسلام آباد(این این آئی)وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ساڑھے 3 سالوں میں عالمی سطح پر پاکستان کو جوعزت ملی اس کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی، ایک طاقتور ملک نے ناراض ہوکر ہمیں کہا آپ روس کیوں چلے گئے؟ اور غصہ ہوگئے، ان کا اپنا اتحادی بھارت بھی روس-یوکرین جنگ میں نیوٹرل رہا اور روس سے تیل بھی خرید رہا ہے، جن لوگوں نے اچکنیں سلوالی ہیں وہ کل بیان دے رہے تھے کہ امریکا کو ناراض نہیں کرنا چاہیے ۔جمعہ کو دو روزہ نیشنل سیکیورٹی ڈائیلاگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں نے برطانیہ کی فارن سیکرٹری کا بیان پڑھا کہ ہم بھارت کو کچھ نہیں کہہ سکتے کیونکہ وہ آزاد ملک ہے اوراس کی آزاد خارجہ پالیسی ہے، تو پھر ہم کیا ہیں؟انہوں(بقیہ نمبر 34)

قرآنی علوم کے ذریعے ہی حقیقی تبدیلی لائی جاسکتی ہے

قرآن کریم کی تعلیمات ہی اندھیروں میں روشنی اور راہ نجات ہیں، نورالحق قادری

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر مذہبی امورنورالحق قادری نے کہا ہے کہ قرآن کریم کی تعلیمات ہی اندھیروں میں روشنی اور راہ نجات ہیں، قرآنی علوم کے ذریعے ہی حقیقی تبدیلی لائی جاسکتی ہے، دینی مدارس کا یہ احسان ہے کہ وہ ہر سال قوم کو ہزاروں حفاظ کرام کا تحفہ دیتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے معروف سماجی شخصیت اور(بقیہ نمبر 35)

مسلم لیگ ن کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل عطاء اللہ تارڑ میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

ادارہ شماریات نے مہنگائی سے متعلق ماہانہ رپورٹ جاری کردی

سالانہ بنیاد پر ٹماٹر 148.65 فیصد اور کوکنگ آئل 48.05 فیصد مہنگا

اسلام آباد(این این آئی)ادارہ شماریات نے مہنگائی سے متعلق ماہانہ رپورٹ جاری کردی ہے جس کے مطابق سالانہ بنیاد پر ٹماٹر 148.65 فیصد اور کوکنگ آئل 48.05 فیصد مہنگا ہوگیا۔ادارہ شماریات کی جانب سے جاری رپورٹ میں بتایا گیا(بقیہ نمبر 36)

اندرون ملک سفر کرنے والوں کیلئے اچھی خبر

سول ایوی ایشن اتھارٹی نے اندرون ملک دوران پرواز فیس ماسک پہننے کی شرط ختم کردی

کراچی(این این آئی) سول ایوی ایشن اتھارٹی نے اندرون ملک دوران پرواز فیس ماسک پہننے کی شرط ختم کردی۔تفصیلات کے مطابق سول ایوی ایشن اتھارٹی نے نئی ٹریول ایڈوائزری جاری کردی، جس میں بتایا گیا کہ اندرون ملک دوران پرواز فیس ماسک پہننے کی شرط ختم کردی گئی۔نئی ٹریول ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ 12سال (بقیہ نمبر 37)

موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ابراہیم گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار

راولپنڈی (اے ایف بی)واہ کینٹ پولیس کی موثر کاروائی،موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ابراہیم گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار 05 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد۔تفصیلات کے مطابق ایس ایچ اوواہ کینٹ اورانکی ٹیم نے کاروائی کرتے ہوئے موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ابراہیم گینگ کے سرغنہ کوساتھی سمیت گرفتارکرلیا،گرفتارملزمان میں گینگ کا سرغنہ ابراہیم اور شاہد شامل ہیں،ملزمان نے 05 مسروقہ موٹرسائیکل برآمد ہوئے،ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزمان کے دیگر سہولت کاروں کو بھی گرفتار کیا جائے گا،ایس پی پوٹھوہار رانا عبدالوہاب نے ایس ایچ او واہ کینٹ اور پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

سی پی اوعمر سعید ملک نے تھانہ صادق آباد اور چونترہ کے ایس ایچ اوز معطل کردیئے

راولپنڈی (اے ایف بی) سی پی اوعمر سعید ملک نے تھانہ صادق آباداور چونترہ کے ایس ایچ اوز معطل کردیئے ،دونوں تھانوں میں نئے ایس ایچ اوتعینات کردیئے گئے۔تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی عمر سعید ملک نے تھانہ صادق آباداور چونترہ کے ایس ایچ اوز معطل کر دیئے،دونوں تھانوں میں نئے ایس ایچ او تعینات کر دیئے گئے،تھانہ صادق آباد کے ایس ایچ اوانسپکٹر خضر حیات کوناقص کارکردگی پر معطل کیا گیا جبکہ تھانہ چونترہ کے ایس ایچ اوسب انسپکٹر یاسر محمود کوبدعنوانی کی شکایات پر معطل کیا گیا جس کی انکوائری کی جارہی ہے،سب انسپکٹر مسرور علی اکبر ایس ایچ او چونترہ جبکہ سب انسپکٹر احسن علی ایس ایچ اوصادق آباد تعینات کیے گئے۔

سرگودھا میں ضلعی انتظامیہ کی عدم توجہی کے باعث رمضان بازار فعال ہونے کے باوجود صارفین کی توجہ حاصل نہ کرسکا

عمران خان وزیراعظم رہیں گے یا نہیں فیصلہ کل ہوگا

اجلاس صبح گیارہ بجے ہوگا، اگر اپوزیشن ووٹنگ والے دن 172 ارکان اسمبلی کو اپنے حق میں پیش نہ کرسکی تو تحریک عدم اعتماد ناکام ہوجائے گی

کسی بھی وجہ سے اگر وزیراعظم کا عہدہ خالی ہوجائے تو قومی اسمبلی اپنی ہر کارروائی چھوڑ کر وزیراعظم کا انتخاب سب سے پہلے کرے گی، رپورٹ

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان وزیراعظم کی کرسی پر مزید براجمان رہیں گے یا نہیں، فیصلہ (کل)اتوار 3 اپریل کو ہوجائے گا۔تفصیلات کے مطابق قومی اسمبلی میں اپوزیشن کی جانب سے جمع کرائی جانے والی تحریک عدم اعتماد پر ووٹنگ 3 اپریل کو ہوگی،قومی اسمبلی کا اجلاس صبح ساڑھے 11 بجے طلب کیا گیا ہے۔وزیراعظم عمران خان نے ایک (بقیہ نمبر 38)

ہم کراچی جائیں گے اور آصف زرداری کا کلپ چلائیں گے

شیشہ نہیں فولاد ہیں، ہم پھر الیکشن لڑیں گے اور دیکھیں گے کون آتا ہے، اسد عمر

اسلام آباد (این این آئی)وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی اسد عمر نے کہا ہے کہ شیشہ نہیں فولاد ہیں ، ہم پھر الیکشن لڑیں گے اور دیکھیں گے کون آتا ہے؟۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسد عمر نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتیں ایک طرف تحریک انصاف ڈیڑھ گنا زیادہ ہے اور ہر سروے میں عمران خان مقبولیت میں پہلے نمبر پر ہے۔انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 39)

رکن قومی اسمبلی علی وزیر کے پروڈکشن آرڈر جاری

معزز اسپیکر، قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران علی وزیر کی موجودگی کو ضروری سمجھتے ہیں

اسلام آباد(این این آئی)اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے پشتون تحفظ موومنٹ (پی ٹی ایم) کے رہنما اور رکن قومی اسمبلی علی وزیر کے پروڈکشن آڈرز جاری کردیے ہیں۔اسپیکر نے علی وزیر کے پروڈکشن آڈرز قومی اسمبلی کے قواعد وضوابط کے طریق کار 2007 کے قاعدہ 108 کے تحت جاری کیے ہیں۔قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ حراست میں لیے گئے ممبر قومی اسمبلی کے پروڈکشن آرڈر قومی اسمبلی کے قواعد وضوابط کے طریقہ کار 2007 کے تحت جاری کیے گئے ہیں۔نیشنل اسمبلی (بقیہ نمبر 40)

وزیراعلی پنجاب کے انتخاب میں سرپرائز دیں گے، طاہر بشیر چیمہ

وزیراعظم کے معاملے میں مس مینجمنٹ ہوئی جس سے صورتحال خراب ہوئی

لاہور(این این آئی) جنوبی پنجاب ایگزیکٹو کونسل کے چیئرمین طاہر بشیر چیمہ نے کہا ہے کہ وزیراعلی پنجاب کے انتخاب میں سرپرائز دیں گے، وزیراعظم کے معاملے میں مس مینجمنٹ ہوئی جس سے صورتحال خراب ہوئی تحریک انصاف کے 7 سے 8 ناراض ایم پی ایز کو منالیں گے ،(ن) لیگ کے 14 ایم پی ایز پرویزالٰہی کو ووٹ دیں گے۔تفصیلات کے مطابق جنوبی پنجاب محاذ کے خالق اور جوڑتوڑ کے ماہر طاہر بشیر چیمہ بھی پرویزالٰہی کی حمایت میں نکل آئے ہیں، پرویزالٰہی سے ملاقات کے بعد طاہر بشیر چیمہ نیا ایم پی ایز سے رابطے شروع کردیئے۔جنوبی پنجاب ایگزیکٹو کونسل کے چیئرمین طاہر بشیر چیمہ نے نجی ٹی وی کو ایک انٹرویو میں کہا کہ ہمارا خاندان کافی عرصے سے سیاست میں ہے اور ارکان اسمبلی سے ذاتی تعلقات بن چکے ہیں۔

یکم اپریل 2022ء
Arts Council Of Pakistan Karachi

آرٹس کونسل میں اے سی پی کے صدر محمد احمد شاہ انڈومنٹ فنڈ کے حوالے سے کانفرنس کررہے ہیں

مارچ 2022، گزشتہ برس کی نسبت مہنگائی میں 12 فیصد اضافہ

مارچ 2021 کے مقابلے میں مہنگائی 12.72 زیادہ رہی

اسلام آباد(این این آئی) ادارہ شماریات نے کہا ہے کہ مارچ 2022 کے دوران مہنگائی کی شرح میں 0.79 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، مارچ 2021 کے مقابلے میں مہنگائی 12.72 زیادہ رہی۔تفصیلات کے مطابق ادارہ شماریات نے کہا ہے کہ مارچ 2022 کے دوران مہنگائی کی شرح میں 0.79 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ادارہ شماریات نے کہا کہ مارچ 2021 کے مقابلے میں گزشتہ ماہ مہنگائی 12.72 فیصد زیادہ رہی، مجموعی طور پر مالی سال 2022 کے پہلے 9 ماہ میں مہنگائی 10.77 فیصد رہی۔مارچ 2022 کے دوران چکن 33.63، پھل 15.17 اور ویجی ٹیبل گھی 8.32 فیصد مہنگا ہوا۔

پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کاوروائیاں، 03 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (اے ایف بی)راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کاوروائیاں، 03 ملزمان گرفتار، 02 کلو کے قریب چرس برآمد، الگ الگ مقدمات درج۔تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے ذیشان سے 01 کلو 100 گرام چرس، ائیر پورٹ پولیس نے نصیب اللہ سے 240 گرام چرس، ٹیکسلا پولیس نے طاہر حسین سے 57 گرام چرس برآمد کرکے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے،ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض کا کہنا تھا کہ منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیوں میں مزید تیزی لائی جارہی ہے۔

پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائی، 05 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (اے ایف بی)راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں، 05 ملزمان گرفتار، اسلحہ وایمونیشن برآمد۔تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے ذیشان احمد سے 01 پسٹل 30 بور معہ ایمونیشن، آرائے بازار پولیس نے باسط علی سے 01 رائفل 12 بور معہ ایمونیشن، ائیرپورٹ پولیس نے لیاقت علی سے 01 پسٹل 30 بور، گوجر خان پولیس نے منور پرویز سے 01 کلاشنکوف معہ ایمونیشن، کامران شہزاد سے 01 کلاشنکوف معہ ایمونیشن برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے،ایس ایس پی آپریشنز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

پولیس کی اہم کاروائی، سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (اے ایف بی)پیرودھائی پولیس کی اہم کاروائی،سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان گرفتار، مسروقہ رقم 01 لاکھ 44 ہزار روپے، 11 موبائل فونز برآمد۔تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان کوگرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں وقار اور پرویز شامل ہیں،ملزمان کے قبضہ سے مسروقہ رقم 01 لاکھ 44 ہزار روپے اور 11 موبائل فونز برآمد ہوئے،ملزمان کی شناخت پریڈ بھی کروائی گئی ہے،ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزم وقار سابقہ ریکارڈ یافتہ ہے، ایس پی راول بابر جاوید جوئیہ نے ایس ایچ او پیرودھائی اور انکی ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ ملزمان کتنے ہی شاطر کیوں نہ ہوں قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

ISLAMABAD SECURITY DIALOGUE

اسلام آباد، وزیراعظم عمران خان تقریب سے خطاب کررہے ہیں

اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لئے پرعزم ہے

مقدمات کے اندراج میں تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، محمد احسن یونس

اسلام آباد(این این آئی) آئی جی اسلام آباد محمد احسن یونس نے کہا ہے کہ شہریوں کے مسائل کا بروقت اور میرٹ پر ازالہ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لئے پرعزم ہے،مقدمات کے اندراج میں تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس(بقیہ نمبر 41)

حکومت ہر شعبے میں ناکام ہوچکی ہے، ارشد محمود قریشی

ابھی موسم گرما شروع بھی نہیں ہوا اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ شروع کردی گئی

راولپنڈی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما وممبر کینٹ بورڈ راولپنڈی وارڈ 3 ارشد محمود قریشی نے کہا ہے کہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے کا آغاز ہونیوالا ہے مہنگائی آسمان کو چھورہی ہے حکومت اشیاء خوردونوش کی قیمتیں کنٹرول کرنے میں ناکام ہوچکی ہے ،ابھی موسم گرما شروع بھی نہیں ہوا اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ شروع کردی گئی

نارنگ منڈی کی رہائشی فیملی اپنے معذور بچوں کے ہمراہ پریس کلب کے باہر بیٹھی امداد کی منتظر ہے

بینکنگ محتسب کے فیصلوں کیخلاف دوالگ الگ بینکوں کی اپیلیں مسترد

اسلام آباد(این این آئی)صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے بینکنگ محتسب کے فیصلوں کے خلاف دوالگ الگ بینکوں کی اپیلیں مسترد کرتے ہوئے بینک صارفین کو غیر ضروری قانونی چارہ جوئی میں گھسیٹنے پر برہمی کا اظہار کیا ہے۔جمعہ کو ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے بینکنگ محتسب کے فیصلوں کے خلاف دوبینکوں کی اپیلیں مسترد کرتے ہوئے بینکوں کو صارفین کی (بقیہ نمبر 42)

این سی اوسی نے اپنی ذمہ داریاں پبلک ہیلتھ ایمرجنسی آپریشن سنٹر کے حوالے کردیں

اسلام آباد(این این آئی) کورونا وبا سامنے آنے کے بعد اس کی روک تھام کے لئے قائم کئے جانے والے نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی اوسی) نے گزشتہ 2 برس کے کامیاب آپریشن اور رسپانس کے بعد اپنی ذمہ داریاں قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) اسلام آباد کے تحت چلنے والے پبلک ہیلتھ ایمرجنسی آپریشن سنٹر (پی ایچ ای اوسی) کے حوالے کردی ہیں۔جمعہ کو جاری بیان کے مطابق (بقیہ نمبر 43)

ایس پی کوہسار کی جانب سے سی پی او آفس میں کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لیے احکامات جاری کیے

راولپنڈی(این این آئی)ایس پی کوہسار کی جانب سے سی پی او آفس میں کھلی کچہری،شہریوں کے مسائل سنے اوران کے حل کے لیے احکامات جاری کیے۔تفصیلات کے مطابق ایس پی کوہسار حیدر علی نے سی پی اوآفس راولپنڈی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا،کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں کے مسائل سنے اوران کے حل کیلئے احکامات جاری کیے،ایس پی کوہسار حیدر علی کا کہنا تھا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کاروائی کو یقینی بنایا جائے،شہریوں کے جان ومال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری (بقیہ نمبر 44)

HOME TUITION

راولپنڈی، راجہ بازار میں ریڑھی بان نے کھجوریں فروخت کے لئے سجارکھی ہیں

شہری کو قتل کرنے والے 03 اشتہاری مجرمان گرفتار

اشتہاری مجرمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی

راولپنڈی(این این آئی)مری پولیس کی اہم کارروائی، چھریوں کے وار کرکے شہری کو قتل کرنے والے 03 اشتہاری مجرمان گرفتار۔تفصیلات کے مطابق مری پولیس نے جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلی جینس کی مدد سے قتل کے مقدمہ میں مطلوب 03 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار مجرمان میں یاسر، ندیم اورروحیل شامل ہیں، اشتہاری مجرمان نے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ چھریوں کے وار کرکے حمزہ کو قتل جبکہ 04 افراد کوزخمی کر دیا تھا،واقعہ کا مقدمہ مقتول کے چچا محمد ظفر ریز کی مدعیت میں رواں سال تھانہ مری میں درج کیا گیا تھا۔

راولپنڈی، گرمی میں اضافے کے باعث ایک فیملی عینک خرید رہی ہے

وفاقی پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن

14 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے منشیات، ناجائز اسلحہ وایمونیشن برآمد کرلیا

اسلام آبا(این این آئی) شہر اقتدار میں وفاقی پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری،14 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے منشیات، ناجائز اسلحہ و ایمونیشن برآمد کرلیا،ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے،مزید تفتیش جاری ہے۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد احسن یونس کی ہدایات پر ضلع بھر میں منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر (بقیہ نمبر 45)

جہلم میں اندھے قتل کی ملزمہ انتہائی قلیل وقت میں گرفتار

جہلم (این این آئی) گزشتہ روز تھانہ منگلا کینٹ کی حدود میں بلال احمد ولد محمد یعقوب کی نعش اسکے اپنے گھر سے برآمد ہوئی جس پر تھانہ منگلا کینٹ پولیس نے نعش کو قبضہ میں لے کر مقدمہ نمبر 265/22 بجرم 302/34 ت پ درج کر کے تفتیش کا آغاز کردیا۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جہلم رانا طاہر رحمان خان کے احکامات پر ڈاکٹر انعم فریال ایس پی انویسٹی گیشن کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی جس میں راجہ زاہد نعیم ڈی ایس پی صدر سرکل، انسپکٹر محمد شریف ایچ آئی یو سٹاف، ایس ایچ او تھانہ منگلا کینٹ نے موقعہ کا ملاحظہ کرتے ہوئے تمام شواہد اکھٹے کرکے تفتیش شروع کردی۔

ایڈیٹرانچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیوآرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپواکر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

عمران خان کی انا کی وجہ سے

پاکستان کی قسمت کو خطرے میں نہیں ڈال سکتے بلاول

عمران نے پہلے کہا عدم اعتماد اپوزیشن کا تحفہ ہے، اب عالمی سازش ہوگئی، وزیراعظم نے اپنے فرائض کے مطابق ایک کام بھی نہیں کیا جاتے جاتے خارجہ پالیسی، معیشت اور اداروں پر حملہ آور ہے، لیٹر کا شوشہ عوام کو ٹرک کی بتی کے پیچھے لگانا ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹوزرداری نے کہا ہے کہ عمران خان کی انا کی وجہ سے پاکستان کی قسمت کو خطرے میں نہیں ڈال سکتے،عمران نے پہلے کہا عدم اعتماد اپوزیشن کا تحفہ ہے، اب عالمی سازش ہوگئی، وزیراعظم عمران خان نے اپنے فرائض کے مطابق ایک کام بھی نہیں کیا، جاتے جاتے خارجہ پالیسی، معیشت اور اداروں پر حملہ آور ہے، لیٹر کا شوشہ (بقیہ نمبر 46)

آتش بازی کا سامان فروخت کرنے والا ملزم گرفتار، سامان آتش بازی برآمد

راولپنڈی (اے ایف بی) جاتلی پولیس کی کاروائی، آتش بازی کا سامان فروخت کرنے والا ملزم گرفتار، سامان آتش بازی برآمد، مقدمہ درج۔تفصیلات کے مطابق جاتلی پولس نے کاروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان فروخت کرنے والے ملزم وقار منیر کو گرفتار کرلیا، ملزم کے قبضہ سے ہوائیاں 30 عدد، انار 20 عدد، سوتر گولے (بقیہ نمبر 48)

نقب زنی کے مقدمہ میں مطلوب 04 اشتہاری مجرمان گرفتار

راولپنڈی (اے ایف بی) صدرواہ پولیس کی کاروائی، نقب زنی کے مقدمہ میں مطلوب 04 اشتہاری مجرمان گرفتار۔تفصیلات کے مطابق صدرواہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے نقب زنی کے مقدمہ میں مطلوب 04 اشتہاری مجرمان راشد، اظہر، واجد اور سلیمان کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرمان سال 2021 سے تھانہ صدرواہ پولیس کو مطلوب تھے، ایس پی پوٹھوہار نے ایس ایچ او صدر واہ اور پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ اشتہاری مجرمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا۔

وزیراعظم عمران خان اسلامک دنیا کا ہیرو ہے

اپوزیشن کو بہتری کی نہیں پڑی بلکہ عمران خان کا فوبیا ہوگیا ہے، کنور عمران سعید

شیخوپورہ (محمد نواز سے) پاکستان تحریک انصاف کے ضلعی صدر کنور عمران سعید ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان اسلامک دنیا کا ہیرو ہے حالات کچھ بھی ہو اصولوں پر سمجھوتا نہیں کرے گا وزیراعظم پاکستان عمران خان کی مقبولیت میں دن بدن بڑھتی جارہی ہے اپوزیشن کو بہتری کی نہیں پڑی بلکہ عمران خان کا فوبیا ہوگیا ہے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کنور عمران سعید ایڈووکیٹ نے کہا اپوزیشن والے ایک دوسرے کا پیٹ پھاڑنے والے کیسے اکھٹے ہو کر جشن منا رہے ہیں عمران خان نہ جھکے گا اور نہ ہی پیچھے ہٹے گا بلکہ حالات کچھ بھی ہو(بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد، ایم ڈی پی ٹی ڈی سی معاہدے کی دستاویزات کا تبادلہ کررہے ہیں

یوکرین کا روس پر پہلا فضائی حملہ آئل ڈپو تباہ کردیا

دو ہیلی کاپٹرز فضائی حدود کی خلاف ورزی کرتے ہوئے شہر میں داخل ہوئے اور آئل ڈپو کو نشانہ بنایا، روس کی تصدیق

ماسکو(این این آئی) یوکرین نے ایک ماہ سے جاری جنگ کے دوران پہلی بار روسی سرزمین کو نشانہ بنایا ہے جس میں ایک آئل ڈپو کو تباہ کردیا گیا۔عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یوکرین کے 2 ہیلی کاپٹرز نچلی پرواز کرتے ہوئے روس شہر بلگورود میں داخل ہوئے اور مختلف اہداف پر متعدد میزائل داغے۔روس نے بھی تصدیق کی کہ یوکرین کے دو ہیلی کاپٹرز فضائی حدود کی خلاف ورزی کرتے ہوئے شہر میں داخل ہوئے اور آئل ڈپو کو نشانہ بنایا۔روس کے جس شہر کے آئل ڈپو کو نشانہ بنایا گیا وہ یوکرین کی سرحد سے محض 35 کلومیٹرز کی دوری پر ہے۔

اپوزیشن لیڈر حلیم عادل شیخ کی قیادت میں شرکاء شہریوں میں پمفلٹ تقسیم کررہے ہیں

بزدار کو ہٹانا سیاسی سمجھوتہ تھا، اتوار کو بڑا سرپرائز دوں گا، وزیراعظم

آخری گیند تک لڑوں گا، کپتان کبھی بھی اپنا اسٹریٹجی شیئر نہیں کرتا، سینئر صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد(این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے ایک بار پھر دعویٰ کیا ہے کہ اتوار کو بڑا سرپرائز دوں گا، عثمان بزدار کو ہٹانا سیاسی سمجھوتہ تھا، آخری گیند تک لڑوں گا، کپتان کبھی بھی اپنا اسٹریٹجی شیئر نہیں کرتا، یہ ایک بہت بڑی بین الاقوامی سازش ہے، اپوزیشن کی جانب سے میری کردار کشی بھی کی جاسکتی ہے، اوآئی سی کانفرنس کی وجہ سے دھمکی آمیز پیغام ہولڈ رکھا جائیگا۔وزیراعظم عمران خان نے سینئر صحافیوں سے ملاقات کی اور موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔وزیراعظم نے کہا کہ لیگل پراسس کو استعمال کیا جا رہا ہے(بقیہ نمبر 49)

ٹریفک حادثات میں مذہبی کارکن، سکول ٹیچر بہن سمیت جاں بحق

متوفین کی نعشیں ضروری کاروائی کے بعد ورثاء کے سپرد، پولیس مصروف تفتیش

سرگودھا(این این آئی) ٹریفک حادثات میں مذہبی کارکن اور سکول ٹیچر اپنی بہن سمیت جاں بحق اور تین خواتین شدید زخمی ہوگئیں جن کو ہسپتال منتقل کر کے متوفین کی نعشیں ضروری کاروائی کے بعد ورثاء کے سپرد کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ذرائع کے مطابق سرگودھا کے ٹریفک حادثہ میں کار سکول ٹیچر ہمشیرہ سمیت جاں بحق ہو گے جبکہ سرگودھا میانوالی روڈ (بقیہ نمبر 50)

وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ بچوں کے لئے پلے گراؤنڈ کا افتتاح کررہے ہیں

کنٹونمنٹ جنرل ہسپتال راولپنڈی میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

راولپنڈی (اے ایف بی) کنٹونمنٹ جنرل ہسپتال راولپنڈی میں فری میڈیکل کیمپ کاانعقاد کیا گیا جس میں ماہر امراض دل ڈاکٹر حمدان وقاص اوران کی ٹیم نے 186 مریضوں کا معائنہ کیا،اس موقع پر ایڈمنسٹریٹر بریگیڈیئر (ر) حسن ابراہیم اور ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر ڈاکٹر عتیق الدین، ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل سٹاف اورعملہ بھی موجود تھا۔کیمپ میں فری ای سی جی، بلڈشوگر، کولیسٹرول، یورک ایسڈ اور دیگر بیماریوں کے علاج کے لیے چیک اپ کئے گئے

منشیات فروش کو ساڑھے 4 ماہ قید بامشقت کی سزا کا حکم سنادیا

سرگودھا(این این آئی)ایڈیشنل سیشن جج محمد راشد نے منشیات کے مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے منشیات فروش ملزم کو ساڑھے 4 ماہ قید بامشقت کی سزا کا حکم سنادیا۔ ذرائع کے مطابق تھان کینٹ پولیس نے 2 سال قبل 2020ء میں ندیم کو علاقہ میں سرعام منشیات فروخت کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا اوراس کے خلاف مقدمہ درج کر کے جوڈیشل بھجوا دیا جس میں گزشتہ روز عدالت پیشی پر فاضل جج محمد راشد نے ملزم کو ساڑھے چار ماہ قید با مشقت سزا کا حکم سنادیا اور ملزم کو سزا بھگتنے کیلئے واپس جیل بھجوادیا گیا۔

افغانستان میں انسانی بحران سے نمٹنے کیلئے مخلصانہ کوششوں کی ضرورت ہے

آرمی چیف سے افغانستان کیلئے سابق امریکی نمائندہ خصوصی کی ملاقات، افغانستان سمیت علاقائی سلامتی کی صورتحال پر گفتگو

افغانستان میں انسانی بحران سے نمٹنے کیلئے مخلصانہ کوششوں کی ضرورت ہے، ملاقات میں آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے افغانستان کیلئے سابق امریکی نمائندہ خصوصی زلمے خلیل زاد نے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی، افغانستان سمیت علاقائی سلامتی کی صورتحال اور مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا ہے کہ افغانستان میں انسانی بحران سے نمٹنے کیلئے مخلصانہ کوششوں کی ضرورت ہے ۔آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے افغانستان کیلئے سابق امریکی نمائندہ خصوصی زلمے خلیل زاد کی جی ایچ کیو میں ملاقات ہوئی، افغانستان کیلئے امریکہ کے سابق نمائندہ خصوصی نے اسلام آباد سیکیورٹی ڈائیلاگ میں بطور کلیدی مقرر خطاب کے بعد آرمی چیف(بقیہ نمبر 51)

تحریک عدم اعتماد ختم ہوتو وزیراعظم الیکشن کا اعلان کرسکتے ہیں، فواد

اسلام آباد (این این آئی)وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ تحریک عدم اعتماد ختم ہوتو وزیراعظم عمران خان الیکشن کا اعلان کرسکتے ہیں۔نجی ٹی وی کے ایک پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے کہا کہ حالیہ ملاقاتوں میں مختلف آپشنز پر بات ہوئی ہے، اپوزیشن مانے یا نہ مانے الیکشن کی طرف جائیں گے، تحریک عدم اعتماد ختم ہوتو وزیراعظم عمران خان الیکشن کا اعلان کرسکتے ہیں۔فواد چوہدری نے کہا کہ لوگوں نے اٹھارویں ترمیم کے بعد ایمرجنسی شق کو بھی نہیں پڑھا، اٹھارہویں ترمیم کو ہر کوئی اپنی منطق کے مطابق پیش کرتا ہے، لوگوں کے جذبات ہیں،

عوام نے خودداری، غیرت اور آزاد خارجہ پالیسی کی حمایت کی، مراد سعید

اسلام آباد (این این آئی)وفاقی وزیر مواصلات مراد سعید نے کہا ہے کہ قوم نے تو فیصلہ سنا دیا ہے، عوام نے خودداری، غیرت اور آزاد خارجہ پالیسی کی حمایت کی ہے، عمران خان نیا سلاموفوبیا کیخلاف مقدمہ لڑا۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے کے پی کے بلدیاتی انتخابات کا دوسرا مرحلہ جیت لیا ہے، کے پی کے کی عوام نے ان کا صفایا کر دیا۔وفاقی وزیر نے کہا کہ خیبر پختونخوا بلدیاتی الیکشن میں کامیابی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ عمران خان نے اسلام، پاکستان اورقومی غیرت کی بات کی ہے،

محنت کش کام کرتے ہوئے بجلی کا کرنٹ لگنے سے جاں بحق

نوجوان کی میت ضروری کے بعد اس کے آبائی گاؤں بھجوا دی گئی

سرگودھا (عبدالقیوم) 40 سالہ محنت کش کام کرتے ہوئے بجلی کا کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہوگیا جس کی میت ضروری کاروائی کے بعد علاقہ گاؤں بھجوا دی گئی۔ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ جوھرآباد کے گاؤں ہڈالی کے قریب کنکریٹ فیکٹری میں 40 سالہ خانسامہ شاہ زیب ساکن لکی مروت بجلی کا کرنٹ لگنے سے جان بحق ہوگیا جس کی میت ضروری کاروائی کے بعد اس کے آبائی گاؤں بھجوادی گئی۔

مجلس وحدت مسلمین کے کارکن احتجاج کے دوران امریکی پرچم نذر آتش کررہے ہیں

کیا عدم اعتماد سے پہلے وزیراعظم کی جان کو خطرہ نہیں تھا؟ اپوزیشن

اپوزیشن کے پاس نمبر پورے ہوگئے تو ان کی جان کو خطرہ ہے؟، امیر حیدر خان ہوتی

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن نے سوال کیا ہے کہ کیا عدم اعتماد سے پہلے وزیراعظم کی جان کو خطرہ نہیں تھا؟۔عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے رہنما امیر حیدر خان ہوتی نے رہنما بلوچستان عوامی پارٹی (بی اے پی) جام کمال کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم صاحب کا کہنا ہے ان کی جان کو خطرہ ہے، پوچھنا تھا کہ کیا عدم اعتماد کی تحریک سے پہلے ان کی جان کو خطرہ نہیں تھا؟انہوں نے کہا کہ اوآئی سی کے موقع پر کیوں نہیں بتایا کہ دھمکی ملی ہے، اپوزیشن کے پاس نمبر پورے ہوگئے تو ان کی جان کو خطرہ ہے؟